ہندستانی پروجکٹ کا کتابی سلسلہ ۔ ۱

ہندستانی رنگ

مرتب

پروفیسر محمّد حسن
ڈائرکٹر ہندستانی پروجکٹ

ہندوستانی پروجکٹ
غالب اکیڈمی، نظام الدین ویسٹ
نئی دھلی ۱۳
۱۹۹۳ء

ہندستانی پروجکٹ کا کتابی سلسلہ — (۱)

ہندستانی رنگ

عام بول چال کی ہندستانی زبان پر مضامین اور لسانی جائزے

مرتب

محمد حسن

ڈائرکٹر، ہندستانی پروجکٹ

غالب اکیڈمی
نظام الدین ویسٹ، نئی دہلی ۱۳

تعداد:- ایک ہزار (۱۰۰۰)

کتابت:- عبدالمنّان خوشنویس

سال اشاعت:- ۱۹۹۳ء

ناشر:- ہندوستانی پروجیکٹ
غالب اکیڈمی، نظام الدین ویسٹ
نئی دہلی ۱۱۰۰۱۳

قیمت:- [redacted] روپے
مجلد:- ایک سو روپے ۱۰۰/-

فہرست مضامین

دیباچہ

عام بول چال کی زبان ہندستانی پر کتابی سلسلے کی یہ پہلی کڑی ہے۔

اس کے تین حصّے ہیں۔

پہلے حصّے میں ہندستانی زبان کے بارے میں مقالے شامل ہیں۔ ان میں کچھ مقالے ہندستانی پرچار سبھا بمبئی کی گولڈن جُبلی کے موقعے پر پڑھے گئے تھے اور کچھ ہندستانی پروجیکٹ دہلی کے دو جلسوں میں پیش کیے گئے تھے۔ پہلے جلسے کی صدارت شری اندر کمار گجرال نے کی تھی اور افتتاح شری پی۔ این ہکسر نے کیا تھا، دوسرے جلسے کے صدر تھے شری کلدیپ نیّر اور افتتاحی خطبہ پروفیسر رشید الدین خاں نے دیا تھا۔

اِن میں اردو مقالے بھی ہیں اور ہندی مقالے بھی۔ جن کا رسم خط تبدیل کیا گیا ہے۔ اردو والے مقالوں میں اردو پن زیادہ ہے اور ہندی مقالوں میں سے اکثر میں ہندی پن کا غلبہ ہے۔ ممکن ہے بعض لوگوں کو انھیں پڑھنے میں دشواری ہو مگر ہم نے ان کو جوں

کا توں شائع کرنا ہی مناسب سمجھا۔

دوسرے حصّے میں قدیم ہندی ادب کے شاہکاروں میں شامل عربی، فارسی اور ترکی الفاظ کی فہرست دی گئی ہے جس سے اندازہ ہوگا کہ لفظوں کے ساتھ ساتھ چھوت چھات کا رویہ ان دنوں عام ہوگیا ہے پہلے نہیں تھا اور ہمارے مستند لکھنے والے بھی کھلے دل سے "غیر ملکی" الفاظ کا استعمال کرتے تھے اور ہماری ملواں زبان اور کلچر میں یہ عناصر گھُل مِل گئے تھے۔

تیسرے حصّے میں ان ہندستانی الفاظ کی فہرست ہے جو ملک کی غیر ہندی زبانوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ دلیل عام طور پر دی جاتی ہے کہ زبان جتنی زیادہ سنسکرت زدہ ہوگی اتنی ہی زیادہ علاقائی زبان جاننے والوں کے لیے عام فہم ہوگی کیونکہ یہ سنسکرت سے زیادہ قریب ہیں۔

لیکن یہ صرف ادھورا سچ ہے۔

ہندستان کی سبھی علاقائی زبانوں میں عام بول چال کی ہندستانی کے لفظ بڑے تعداد میں رچ بس گئے ہیں ان کی مختصر سی فہرست دی جا رہی ہے جس کی تیاری میں حکومت ہند کی وزارت تعلیم نے خاصہ کام کیا تھا اور اسی کے شکریے

کے ساتھ شائع کیا جا رہا ہے۔ اس سے اندازہ ہوگا کہ عام بول چال کے ہندستانی لفظ جنوبی ہند میں بھی کس قدر رچ بس گئے ہیں۔

ایک بڑے لمبے اور دشوار سفر کا یہ پہلا قدم ہے۔ شاید کسی کو ان مضامین سے یہ خیال آئے کہ اردو اور ہندی الگ الگ ہوتے ہوئے بھی بہت کچھ ایک جیسی بھی ہیں اور اس ایک جیسے پن پر زور دینے ہی سے میل ملاپ کے وہ راستے پیدا ہوں گے جس کے بل پر وہ ہندستان میں انگریزی کی جگہ لے سکے اور پوری دنیا میں اردو ہندی مل کر چھٹی سب سے بڑی زبان کا درجہ حاصل کر سکیں۔

اسی امید کے ساتھ "ہندستانی رنگ" کی یہ پہلی جلد آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔

محمد حسن
ڈائرکٹر، ہندستانی پروجیکٹ

غالب اکیڈمی
نظام الدین ویسٹ
نئی دہلی ۱۱۰۰۱۳
۶ مئی ۱۹۹۳ء

ہندستانی پروجکٹ

ہندستانی ہمارے دیس ہی میں نہیں پاس پڑوس کے دیشوں میں بھی عام بول چال کی زبان ہے جہاں بولی نہیں جاتی وہاں بھی سمجھی ضرور جاتی ہے۔

یہی وہ بولی ہے جو بازار، کاروبار، فلم اور ناٹک میں برتی جاتی ہے اور جس میں ملک کے بڑے حصّے میں لوگ بات چیت کرتے ہیں۔

یہی وہ بولی ہے جسے انگریز صدیوں تک دفتر اور فوج میں استعمال کرتے رہے ہیں انھوں نے اسے رومن لکھاوٹ میں لکھا۔

اسی ہندستانی کو گاندھی جی نے عام بول چال کی زبان کی حیثیت سے مانا اور اسے قومی زبان بنانے کا مشورہ دیا۔ گاندھی جی نے اسی ہندستانی کو اپنایا اور اسے ہندی اور اردو، دونوں لکھاوٹوں میں لکھنے کی صلاح دی۔

آج جب ایشیا کے الگ الگ ملک ایک دوسرے کے پاس آرہے ہیں اور "سارک" کی شروعات ہو چکی ہے یہی ہندوستانی بھاشا پورے علاقے میں سب سے بڑی زبان ہے چاہے وہ ناگری میں

لکھی جاتی ہو یا اردو لکھاوٹ میں۔

اسی ہندستانی زبان اور اسی بول چال کی بھاشا کے ہزاروں لفظ انگریزی زبان نے اپنائے ہیں یہی نہیں اس کے ان گنت لفظ سارک ملکوں کی بھاشاؤں میں ہیں۔ بنگلہ، تامل، گورکھالی، سنہالی، مالدیپ اور پاکستان کی علاقائی زبانوں میں اپنا لیے گئے ہیں یہی ہندستانی سارک کے ملکوں ہی کے نہیں دکھنی ایشیا کے ملکوں کے بیچ میل ملاپ کی زبان بن سکتی ہے۔

ہندستان کی سبھی بھاشاؤں میں ہندستانی کے سینکڑوں شبد ہیں اسی طرح ان بھاشاؤں کے شبد ہندستانی بول چال میں ہیں۔ ساہتیہ اور ادب میں بھی کبیر بانی، خسرو کے کلام گرو گرنتھ صاحب سور داس، میرا بائی، بہاری، میر، نظیر اکبرآبادی، انشا، اللہ خاں سے لے کر آرزو لکھنوی اور پریم چند تک اور ہمارے اپنے زمانے کے سبھی ہندی اور اردو ناولوں، ناٹکوں اور کہانیوں میں ایک رلواں زبان پنپتی اور پروان چڑھتی رہی ہے۔

انہی باتوں کو سامنے رکھ کر ہندستانی پروجکٹ شروع کیا گیا ہے۔ اِس پروجکٹ میں :-

۱۔ بنیادی ہندستانی بول چال کے لفظوں کا شبد کوش اور لغت (اردو اور ناگری اور رومن لکھاوٹ میں)

۲۔ ملے جلے ہندستانی ادب کی ایک انتھالوجی (تینوں لکھاوٹوں میں)

۳۔ تینوں لکھاوٹوں میں ہندستانی ساہتیہ کا اتہاس اور ادبی تاریخ۔

۴۔ انگریزی میں شامل ہندستانی لفظوں کی ایک ڈکشنری۔

۵۔ اسی طرح سارک ملکوں کی زبانوں اور ہندستانی کے درمیان ایک سے لفظوں اور شبدوں کی ڈکشنریاں تیار ہوں گی۔

۶۔ بھارت اور پاکستان کی سبھی علاقائی اور شیتریہ زبانوں میں ہندستانی زبان کے لفظوں اور ہندستانی میں ان بولیوں کے شبدوں کو اکٹھا کیا جائے گا۔

۷۔ چھ ماہی رسالہ تینوں لکھاوٹوں میں چھپے گا جس میں عام بول چال کی چیزیں شامل ہوں گی۔

۸۔ ہندی اور اردو لکھاوٹوں کو سکھانے کی مہم چلائی جائے گی اور تعلیم بالغان اور ساکشرتا ابھیان میں ہندستانی سکھانے کو شامل کیا جائے گا۔

۹۔ ہندستانی بول چال کی زبان پر گوشٹھیاں اور مذاکرے ملک میں جگہ جگہ کیے جائیں گے اور لکھنے والوں اور ملک میں سوچنے سمجھنے والوں کا دھیان اس طرف دلایا جائے گا۔

۲

جب آندھی تیز ہو تو اپنے دِیئے کو اپنے دونوں ہاتھوں سے خود ہی بچانا ہوتا ہے۔ "ہندستانی پروجکٹ" بھی ایسی ہی ایک کوشش ہے۔ گزرے ہوئے یُگوں کے پنّے پلٹنے کا کام تو بہت لوگ کر رہے ہیں۔ آیئے ہم آپ آج کی آنکھوں سے زمانے کو دیکھیں اور آج کی سچائیوں کو سمجھیں۔

اردو اور ہندی والوں کو اپنی اپنی شاندار ادبی روایتیں اور پرمپرائیں مبارک ہوں مگر ذرا بے لکھے اور بے نشان گیتوں، کہانیوں، کہہ مکرنیوں، پہیلیوں کہاوتوں اور طرح طرح کے کارناموں کو بھی یاد رکھنا چاہیے جو لوک ساہتیہ یا لوک ادب کے نام سے پہچانے جاتے ہیں جس میں

امّاں میرے باوا کو بھیجو جی کہ ساون آیا

یا   کاہے کو دینی بدیس رے لکھی بابل مورے

یا   کالے میگھا پانی دے پانی دے گڑ دھانی دے

جیسے ان گنت گیت بھی ہیں سہاگ بھی ہیں، نوحے اور مرثیے بھی ہیں اور کاویہ بھی۔

اردو ہندی کے ادبی روایت کی سرحدوں کو توڑ تاڑ کر آج بھی نہ جانے کتنے ہندی کوی غزلیں لکھ رہے ہیں اور ہندی غزل نام کی ایک نئی دِھارا

بن گئی ہے اور نہ جانے کتنے اردو شاعر گیت، دوہے اور کنڈلیاں لکھ رہے ہیں اور یہ پکا ثبوت ہے اس بات کا کہ ہندستانی نام کی سرسوتی الگ الگ خانوں میں بٹنے کو تیار نہیں ہے اور آج بھی الگ الگ لکھاوٹوں میں لکھے جانے پر بھی اس میں بہت کچھ ملتا جلتا ہے بہت کچھ ایک سا ہے۔

یہ تو ہوئی دیس کے اندر کی بات، دیس کی سرحدوں سے باہر پاکستان ہو یا بنگلہ دیش، برما ہو یا سری لنکا، مالدیپ ہو یا نیپال۔ پورے سارک ملکوں میں ہندستانی سمجھی ضرور جاتی ہے اور کہیں کہیں بولی جاتی ہے۔ پاکستان میں تو اردو کے نام پر یہی ہندستانی قومی زبان ہے۔ باقی ملکوں میں بھی ہندستانی بولی ٹھولی عام ہے اسی لیے ہندستانی کو ان ملکوں کے لیے رومن میں لکھنے اور چھاپنے کی ضرورت سمجھی گئی کہ ہندستانی ان لوگوں تک بھی پہنچے جو ملک کے اندر یا باہر کے علاقوں میں ہیں اور دیوناگری یا یا اردو لکھاوٹ میں اسے نہیں پڑھ سکتے۔

زمانہ ٹی وی اور ریڈیو کا ہے۔ لکھے جانے والے شبد کے ساتھ ساتھ بولا اور سُنا جانے والا لفظ بھی اب اپنا گہرا اثر چھوڑ رہا ہے اور لکھاوٹوں کا روپ پیچھے رہا جا رہا ہے۔ فلم کی طرح ریڈیو اور دور درشن میں بھی اس بول چال کی ہندستانی کو رواج دینے کی ضرورت ہے جب تک MASS MEDIA اپنے آپ کو MASS یا جن یا عوامی کہتا رہے گا اور عام آدمی کی بولی ٹھولی سے رشتہ نہ جوڑے گا اس کی حیثیت چھپکلی کی کٹی ہوئی دُم سے زیادہ نہ ہوگی۔

"ہندستانی پروجکٹ" کوئی نئی زبان ایجاد کرنا نہیں چاہتی، اتنا چاہتی ہے کہ جو زبان ہم بولتے ہیں وہی برتیں وہی لکھیں. ذرا سوچیے تو کتنے ہزاروں محاورے، کیسے کیسے سجل اور سڈول، ٹھیٹھ بولی کے لفظ اور شبد ہم نے پچھلے ۴۶ سال میں لغت اور شبدکوش کی خاطر بھلا دیئے اور اپنی بولی کو ٹیڑھا میڑھا کر ڈالا. اس کی مٹھاس، کوملتا اور سادگی، نرمی اور رنگینی بھلا کر اسے دفتری وردی پہنا دی. ہندستانی پروجکٹ اسی میٹھی، کومل، سرل بول چال کی ہندستانی کی طرف آپ کا دھیان لے جانا چاہتی ہے کہ یہی صحیح معنوں میں ہماری مادری زبان اور ماتر بھاشا ہے.

مگر یہ کام ہو تو کیسے ؟

ہمیں راستے کی کٹھنائیوں کا پتہ ہے جب کوئی آگے قدم بڑھاتا ہے تو راستے کے کانٹوں کا خطرہ بھی مول لیتا ہے.

۱۔ ہندستانی شبدوں اور لفظوں کی ایک ساجھے کی ڈکشنری.

۲۔ ہندستانی محاوروں کی ایک کتاب.

۳۔ ٹھیٹھ ہندستانی شاعری اور کہانیوں کی ایک انتھالوجی

۴۔ ہندستان کی دوسری بھاشاؤں میں ہندستانی لفظ اور ہندستانی میں ان سے لیے ہوئے لفظوں کی ایک فہرست،

۵۔ ہندستانی ساہتیہ کا اتہاس یعنی ٹھیٹھ ہندستانی ادب کی تاریخ.

۶۔ سارک والے ملکوں کی زبانوں اور ہندستانی کے درمیان مشترک شبدوں، لفظوں اور ادب کی کھوج.

۷. ہندستانی پر ایک چھ ماہی پرچہ

اور یہ سب کام ہم تینوں لکھاوٹوں میں کرنا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔۔۔ ناگری، اردو اور رومن ۔۔۔ اور اس کام میں آپ کی مدد اور سہیوگ چاہیے۔

آج کی سچائی یہ ہے کہ کوئی کچھ کہے" ہندستانی" ہمارے ملک کے بڑے حصے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔ سڑک ہو یا ڈھابہ، سینما ہال ہو یا بازار۔۔۔ ہر جگہ اسی کا چلن ہے اور یہ ایسی بھاشا ہے جو پوری آزادی سے دوسری بھاشاؤں کے شبد اور لفظ اپنا لیتی ہے LANTERN کو لالٹین اور RAILWAYS کو ریل گاڑی، رپورٹ کو رپٹ بنا لیتی ہے۔ عربی، فارسی، ترکی، اٹلیین، پرتگالی، روسی، فرانسیسی اور جرمن سے اس نے بہت کچھ اپنایا ہے۔

یہ بھی سچ ہے کہ سَو میں ستائیس پڑھے لکھوں کے اس دیس میں لکھاوٹوں پر جھگڑا ہے کوئی اسے ناگری میں لکھتا ہے اور ہندی نام دیتا ہے اور ضد کرتا ہے کہ یہی لکھاوٹ اور یہی ہندی ہی" ہندستانی" ہے اس کے سوا کوئی ہندستانی نہیں ہے۔ کوئی اسے اردو لکھاوٹ میں لکھتا ہے اور اردو نام دیتا ہے اور ضد کرتا ہے کہ اسی لکھاوٹ میں لکھی جانے والی اردو ہی "ہندستانی" ہے اور صرف یہی سچی ہندستانی ہے۔ کچھ بحث کرو تو جھگڑا بڑھتا ہے۔ سچائی یہ بھی ہے کہ کم سے کم سَو ڈیڑھ سو برس سے یہی ہندستانی رومن لکھاوٹ میں لکھی جاتی رہی ہے اور انگریزوں ہی نے نہیں، نیتا جی سبھاش چندر بوس نے بھی اپنی انڈین نیشنل آرمی میں

اسی روپ میں اسے برتا۔

گاندھی جی نے اسے ناگری اور اردو دونوں لکھاوٹوں میں لکھنے کی صلاح دی اور اسے قومی زبان اور راشٹر بھاشا مانا۔ یہ بات الگ ہے کہ اس ملک نے جسے آزاد کرانے کے لیے انھوں نے جی جان لگا دیئے، ان کی بات نہ مانی۔ آج آزادی کو ۴۶ سال ہونے کو آئے یہی ہندستانی عام آدمی کی زبان پر ہے اور اس کے چلن کو کٹھن شبدوں کی آندھیاں اور تت سم لفظوں کے طوفان بھی روک نہیں سکے ہیں۔

"ہندستانی پروجکٹ" اسی عام آدمی، اسی بازار میں چلتے پھرتے ہندستانی کی زبان اور بھاشا کے سر پر تاج رکھنے کی کوشش ہے۔ اس کی بولی کو مناسب درجہ اور صحیح معنوں میں مان دان دینے کی طرف ایک قدم ہے۔ جب نفرت اور گھرنا کے جھگڑے چل رہے ہوں جو دیش پریم ہی کو نہیں انسانیت اور مانوتا کے خیمے اکھاڑے لیے جا رہے ہوں یہ چھوٹی سی کوشش آپ سے حوصلہ اور سہیوگ چاہتی ہے۔

ہمارے پورے دیس میں سینکڑوں بولیاں ہیں ۱۸ تو ہمارے سم ودھان نے مانی ہیں ان سب کے ان گنت شبد اور لفظ ہندستانی بول چال میں آئے ہیں اور ہندستانی ان سبھی بولیوں کے علاقوں میں سمجھی بھی جاتی ہے اور اس کے لفظ بھی ان سبھی بولیوں میں اپنائے گئے ہیں ایسے لفظوں، شبدوں کی ایک لغت اور شبد کوش ہم تیار کر رہے ہیں۔ بنگالی، مراہٹی، گجراتی، تامل، کنڑ، ملیالم، پنجابی، کشمیری، غرض کونسی زبان

ہے جس میں یہ صورت نہ ہو، اسی سے مل جل کر تو ہندستانی کا وہ روپ ابھرا ہے، جو دیس کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پھیلا ہے۔

ہاں، ہندی اور اردو لکھنے والوں نے اسے اپنے طور پر اپنا لیا ہے بے شک ہندی، اردو والوں کو اپنی اپنی لکھاوٹیں ہی نہیں بلکہ اپنے اپنے رنگ ڈھنگ، اپنے اپنے اسٹائل اپنانے کا پورا حق ہے۔ نہ لکھاوٹ کسی پر تھوپی جانی چاہیے نہ اسٹائل۔ یہ بھی سچ ہے کہ اردو اور ہندی ادب اور ساہتیہ کی اپنی رچی بسی ہوئی روایت اور پرمپرا ہے، لفظوں، شبدوں کا اپنا خزانہ ہے۔ مگر یہ بھی سچ ہے کہ اردو اور ہندی لکھنے والوں میں جہاں ایسے ہیں جو کٹھن اور بھاری بھرکم اسٹائل اپناتے ہیں وہاں ایسے بھی ہیں جو اپنی زبان کو اردو کہیں یا ہندی، اور لکھاوٹ ان کی کچھ بھی کیوں نہ ہو مگر وہ ہندستانی ہی میں لکھتے ہیں۔ اردو میں انشا کی رانی کیتکی، نظیر کی نظمیں، عظمت اللہ خاں کی شاعری، آرزو لکھنوی کی سریلی بانسری، خواجہ حسن نظامی اور عبدالماجد سے لے کر سعادت حسن منٹو تک کے یہاں اس کی مثالیں ملیں گی، ہندی میں کبیر سے لے کر پریم چند تک یہی سلسلہ ہے۔ پریم چند اور آشک آج بھی اردو اور ہندی دونوں میں جانے مانے جاتے ہیں دونوں انھیں اپناتے ہیں۔

۳

ہم آپ ایک انوکھے دیس میں رہتے ہیں جہاں ہر دن ایکتا کی آواز بڑے زور شور سے اٹھتی ہے اتنے زور سے کہ صاف پتہ چلتا ہے کہ ہمارے اندر یا تو سرے سے ایکتا ہے ہی نہیں یا ہے تو اسے بڑا خطرہ ہے دونوں ہی باتیں سچی ہیں۔ دنیا میں سینکڑوں دیس ہیں کوئی بھی اتنے زور سے ایکتا ایکتا نہیں چلاتا کیونکہ انھیں اپنی ایکتا پر بھروسہ ہے۔ ہمارے یہاں ایکتا کا بڑا چرچا ہے کیونکہ ہمیں ایکتا کی ضرورت چاہے کتنی ہی ہو ابھی ہم ایک ہو نہیں پائے ہیں اور جتنے تھوڑے بہت ایک ہوئے بھی ہیں اسے بھی بچا کر رکھنے کے لیے ہر دن نئے جوکھم سے ہو کر گزرنا پڑتا ہے۔

پھر مزا یہ ہے کہ ایکتا کا چرچا تو اتنا ہے پر ایکتا کی سبھی نشانیوں کو ہم ایک ایک کر کے اپنے ہاتھوں سے مٹانے پر تُلے ہیں کوئی دن

نہیں جاتا جب ہم اپنی یُگوں پرانی ایکتا کی کسی نہ کسی نشانی پر کُلہاڑا نہ چلاتے ہوں اور اسے کاٹتے اور بانٹتے نہ ہوں ایسا ہی ہے جیسے کوئی کسی گھنے پیڑ کی ڈالی پر بیٹھا ہو اور اسے آری سے کاٹنے میں لگا ہو اور سُکھ چین کی دہائی دے رہا ہو۔

ایکتا کی سب سے بڑی نشانی ہے بولی ٹھولی۔ اور ہمارے دیس میں ایک ایسی بولی ہے جو کشمیر سے لے کر کنیا کماری تک اور آسام سے لے کر گجرات تک، اگر ہر جگہ بولی نہیں جاتی تو سمجھی ضرور جاتی ہے، کہیں کم کہیں زیادہ۔ میری بات پر بھروسہ نہ ہو تو اپنے شہر میں لاکھوں کروڑوں روپیوں سے بننے والی فلموں ہی کو دیکھ لیجیے جو دیس کے ہر حصے میں چلتی ہیں اور روپیہ بٹورتی ہیں اور یہ سب فلمیں اسی بولی میں بنتی ہیں جو پورے دیس میں سمجھی جاتی ہے اور ایک بہت بڑے حصے میں بولی جاتی ہے۔

بولی، بھاشا اور زبان ملاپ کی نشانیاں ہیں۔ ایک آدمی اپنے دل کی بات دوسرے تک پہنچاتا ہے، اس میں پیار بھی کیا جاتا ہے اور لڑائی جھگڑا بھی کیا جا سکتا ہے پر یہ بولی ٹھولی کسی ایک آدمی کیا گروہ کے بنائے بھی بن نہیں سکتی اور دفتر چاہے کتنے ہی بڑے ہوں اور افسر چاہے کتنے بلوان ہیں وہ اسے ڈھال نہیں سکتے۔ یہ تو آزاد دھارے کی طرح آپ ہی آپ لوگوں کے میل میلاپ سے پھوٹ نکلتی ہے پروان چڑھتی ہے، کونپلیں، پھول، پتے اور پھل لاتی ہے

اور ہماری آپ کی روز کی زندگی میں گھُل مل جاتی ہے اس کا دھرم ہے چلن اس کا راج ہے دلوں پر، بازاروں میں، میرے آپ کے خوابوں اور سپنوں میں، ہماری سوچ میں، کانا پھوسی میں.

مزے کی بات یہ ہے کہ جس بولی ٹھولی کا راج دیس کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پھیلا ہوا اُس کا نام تک کہیں نہیں آیا، ہمارے سم و دھان تک میں اس کا ذکر تک نہیں، ہمارے سم و دھان نے آٹھویں شیڈول نے اُسے کاٹ کر ہندی اور اردو تو کیا ہے مگر وہ جس ہندستانی کے نام سے پہچانی جاتی تھی اور جس نام سے اُسے انگریزوں نے اپنے دفتری اور فوجی کام کاج کے لیے اسے برتا جس نام سے گاندھی جی نے اسے یاد کیا اور اسے دونوں لکھاوٹوں یعنی ہندی اور اردو لکھاوٹوں میں لکھنے کی صلاح دی اور جس نام سے نیتا جی سبھاش چندر بوس نے اسے اپنی انڈین نیشنل آرمی یا آئی. این. اے میں اسے قومی ایکتا کی نشانی بنایا، اس نام کو آزاد بھارت نے بھُلا دیا، اسے ہندی اور اردو میں بانٹنا ایسا ہی تھا جیسے جرمن ناٹک کار بریخت کے ڈرامے CAUCASION CHALK CIRCLE میں ایک بچے کی دعوے دار دو ماؤں کا جھگڑا نمٹانے کے لیے جج بچے کے دو ٹکڑے کر کے برابر برابر دونوں ماؤں میں بانٹ دینے کا فیصلہ کرتا ہے. ہمارے ایکتا چاہنے والے دیس نے "ہندستانی" کے سر پر بھی آرا چلا دیا اور اسے کاٹ کر بانٹ کر ایکتا ایکتا چلاتے

چلاتے ایکتا کا خون کر ڈالا۔

پھر مزا یہ ہے کہ یہ سب ہوا لکھاوٹ کے نام پر اور ایک ایسے دیس میں جہاں آج بھی آزادی کے ۴۶ سال بعد بھی اپنا نام کسی بھی لکھاوٹ میں لکھ پانے والے ۱۰۰ میں ۳۰ سے زیادہ نہیں ہیں لکھ چاہے کسی لکھاوٹ میں بھی نہ سکتے ہوں مگر لکھاوٹ کے نام پر جھگڑا ایسا ہوا کہ میل ملاپ کی نشانی دونوں لکھاوٹوں میں لکھی جانے والی "ہندستانی" کو مٹا ڈالا۔

پھر ایک اور بڑی بیماری چھوت چھات کی لگ گئی۔ قوموں کے بڑھنے یا پیچھے ہٹنے کی ایک ہی پہچان ہے کہ وہ پھیل رہی ہیں یا سکڑ رہی ہیں ہر میدان میں۔ زبان ہی کو لے لیجیے انگریزی دنیا کی ہر بھاشا سے کھلے عام ڈنکے کی چوٹ پر لفظ اور شبد لیتی ہے کبھی جوں کے توں کبھی پھیر بدل کر کے یہاں تک کہ ہندستانی سے لیے ہوئے انگریزی لفظوں اور شبدوں کی پوری کی پوری اور بڑی بھاری بھرکم کتابیں، لغت اور شبدکوش بن گئے ایک نہیں درجنوں HOBSON-JOBSON ہی کو اُٹھا کر دیکھ لیجیے، انگریزی کسی لفظ یا شبد کو لیتی ہے تو چھوت چھات نہیں کرتی، ہر لفظ کی دُم اٹھا کر نہیں دیکھتی، اُس کی ذات پات نہیں پوچھتی، سبھی کو چلن کی کرسی پر بٹھاتی ہے، اپناتی بہتوں کو ہے نکالتی اور ٹاٹ باہر کسی کو نہیں کرتی۔

ہم نے ایک نئی عادت سیکھی ہے پہلے تو شبد کو اپنانے سے

پہلے ہمیں اس کی جات پات کی پوری جان کاری چاہیے، ہمیں اس کی چنتا نہیں کہ ہم جو کچھ کہنا چاہتے ہیں وہ بات اس لفظ یا شبد سے پوری طرح ادا ہو رہی ہے یا نہیں، فکر ہے تو اس کی کہ وہ شبد کہاں سے آیا ہے اِس دَوڑ میں آنکھ بند کر کے ہم سیدھے پُرانی زبانوں اور بھاشاؤں کے شبد کوش اور لغت کی طرف ناک کی سیدھ میں بھاگے جا رہے ہیں اور ذرا نہیں سوچتے کہ اس دوڑ میں عام چلن کے کتنے پیارے وچن، کیسے کیسے نرمل اور کومل شبد، کیسے کیسے انمول لفظوں کے پھول کچلے جا رہے ہیں جنھیں ہمارے دیس کے ملواں رہن سہن نے سیکڑوں، ہزاروں سال میں پروان چڑھایا ہے اور یہ سب کچھ ایکتا کے نام پر ہو رہا ہے ایکتا کے نام پر ایکتا کی ہتّیا۔

یہ کتھا کچھ بیتے یُگوں ہی کی نہیں، آج کی بھی ہے۔ دیس میں چاروں کھونٹ بھاشائیں، زبانیں اور بولیاں ہیں ان میں لفظوں اور شبدوں کے خزانے ہیں ساہتیہ اور ادب کی پونجی ہے مگر، ہم نے اپنی بولی ٹھولی پر ایسا بھاری تالا لگایا ہے کہ اِدھر اُدھر کی ہوائیں بھی اندر نہ آسکیں اِن بولیوں کے شبد بھولے بھٹکے آئیں بھی تو غیروں اور اجنبیوں کی طرح آئیں۔ ٹیگور اور بھارتی، کے۔ ٹی محمّد اور سری سری کو پڑھنا بھی ہو تو انگریزی کے انوواد اور ترجموں سے۔ مرہٹی اور تیلگو کے لفظ اور شبد دکنی اردو ہندی میں آئیں بھی تو ہم انھیں پہچان بھی نہ سکیں چلن ہمارے دروازے کھٹکھٹا رہا ہے کہ دوار کھولو، بھاشا ہی کے نہیں

دِلوں کے دوار بھی، کہ اپنانے سے اپناپن پیدا ہوتا ہے، قومیں پھلتی پھولتی ہیں پھیلتی ہیں اور ایک بنتی ہیں، کونوں کھدڑوں میں چھپنے سے اور شُدھتا اور چھوت چھات کے ڈر سے کُمھلا جاتی ہے، مُرجھانے لگتی ہیں اکیلی پڑ جاتی ہیں. اسی لیے تدبھو کی شکتی زیادہ ہے تت سم کی کم ژانی بڑی طاقت ہے اور ٹھہرے ہوئے پانی میں بدبو اور دُرگندھ آنے لگتی ہے.

ہماری ایکتا اور راشٹریتا کی بنیاد قومی میل ملاپ کا آدھار ہوسکتا ہے تو یہی تدبھو، یہی چلن میں آنے والی بولی ٹھولی، یہی صدیوں اور شتابدیوں سے زبانوں پر چڑھا ہوا لفظ. یہی ہندستانی بولی دلوں کی کنجی ہے اس سے زیادہ ملانے والی مٹھاس کوئی دوسری نہیں. ذرا سوچیے آپ دور دراز کے کسی علاقے میں ہوں جہاں اجنبی بھاشائیں اور انجان زبانیں بولنے والے اکٹھے ہوں اور آپ کو وہاں اچانک اپنی زبان میں کوئی گالی دینے والا بھی مل جائے تو اسے پیار سے گلے لگا لے کو جی چاہے گا. اور ہم جان بوجھ کر اس بولی کو کوڑے خانے میں پھینک رہے ہیں جو ہمارے کلچر نے سیکڑوں ہزاروں سال میں پالی ہے اور اس کی جگہ ہزاروں من اور سیکڑوں ٹن بھاری لفظوں، شبدوں کے پہاڑ لُڑھکا رہے ہیں اور خوش ہیں کہ ہم نے کوئی بڑا اچھا کام کیا ہے کہ عام بول چال کی جگہ ایک بناوٹی اور شُدھ اور بھاری بوجھل زبان کو اپنے کاندھوں پر لاد لیا ہے۔

یارو، آندھیوں اور اندھیاروں کا یُگ ہے اس میں سیدھی سادی عام سچّائیوں کے چراغ جلتے دو جلائے رکھو۔ اِن ننھے دِیُوں کو زمانے سے ہمارے ہاتھوں میں لرزتے کانپتے سہی مگر ہمیں راہ تو دکھاتے آئے ہیں، کھڑکیوں کے پردے مت کھینچو کہ دن میں رات ہو جائے بلکہ سارے پٹ کھول دو کہ تازہ ہوائیں اور نئی روشنیاں ہمارے اندھیرے ہوتے ہوئے گھر کو جگمگا دیں۔ جاں نثار اختر نے کہا تھا۔

اپنے تاریک مکانوں سے تو باہر نکلو
زندگی شمع لیے در پہ کھڑی ہے یارو

آنے دو ان لفظوں اور شبدوں کو جو ہماری اپنی علاقائی بھاشاؤں سے آرہے ہیں بنگلہ سے، مراٹھی سے، تلیگو سے، کنڑ سے، ایسے لفظ جن کا بدل بھی ہمارے پاس نہیں ہے، آنے والے ان لفظوں کو جو ملک کی سرحد کے باہر سے آرہے ہیں ہم اسٹپنک کیوں نہ اپنائیں وہ روسی ہو تو ہوا کرے، انگریزی، جرمن، فرانسیسی، اطالوی، پرتگالی، اور جاپانی لفظ کتنے ہیں جو ہماری بولی ٹھولی بن گئے ہیں۔ لالٹین، بلٹز، ریسٹوراں، میزا اور رکشا جیسے شبد ہمارے اپنے بن چکے ہیں۔ یہ جو ہندستانی ہے جو دونوں لکھاوٹوں میں لکھی جاتی ہے اس نے تو سبھی دیسی اور بہت سے بدیسی شبدوں سے اپنا بھنڈار اسجایا ہے اسے اپنایا جائے گا تو دیس ہی کے الگ الگ ٹکڑوں اور ٹولیوں کو ہی آپس میں نہیں ملائے گی بلکہ دیس کے باہر بھی ملاپ پیدا کرے گی

اور نفرت کی آندھیوں میں دِیا جلائے رکھے گی۔

آپ مانیں یا نہ مانیں زمانہ جہاں ٹوٹ پھوٹ کا ہے وہاں اس سے شاید بڑھ کر جُڑنے اور ملنے کا بھی ہے۔ مثال آپ کے سامنے ہے یورپین کامن مارکیٹ کی اور سارک ملکوں کی۔ جو ملک ایک دوسرے سے سیکڑوں برس لڑے ہیں وہ بھی اب ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے اور مل بیٹھنے کے لیے بے بس ہو گئے ہیں، علاقے علاقے میں ملکوں کے نئے گروہ بن رہے ہیں، سارک کے ملک ہندستان بھوٹان، بنگلہ دیش، مالدیپ، نیپال، سری لنکا اور پاکستان بھی مل بیٹھنے پر مجبور ہوئے ہیں اور ملنے کی بنیاد ہوتا ہے کلچر، اور کلچر کی بنیاد ہوتی ہے بولی جو دلوں کی کنجی ہے۔ ذرا اس نقشے پر نظر تو ڈالیے اس پورے سارک میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی بولی کونسی ہے یہی ہندستانی جو دائیں سے بائیں لکھی جاتی ہے تو اردو کہلاتی ہے اور بائیں سے دائیں لکھی جاتی ہے تو ہندی کہلاتی ہے۔ ادب اور ساہتیہ کی اونچی چوٹیوں میں فرق پیدا ہوتا ہو تو ہو جائے مگر چلن میں ایک ہی ہیں اور یوں سارک کی سب سے بڑی اور دنیا کی پانچویں سب سے بڑی اور سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی بولی یہی ہندستانی ہے جو راشٹر بھاشا ہی کی نہیں انتر راشٹریہ سدبھاؤ اور قومی اور عالمی میل ملاپ کی ایک اہم کڑی ہے۔

پھر ذرا یوں بھی دیکھیے کہ نیپال کی گورکھالی، بنگلہ دیش کی بنگلہ،

سری لنکا کی تمل اور سنہالی، پاکستان کی پنجابی، پشتو، سندھی، بلوچی اور بھوٹان اور مالدیپ میں بولی جانے والی زبانوں میں ہندستانی کے لفظ اور شبد کتنے ہیں اور ان بھاشاؤں کے لفظ ہماری بول چال کی ہندستانی میں کتنے ہیں پھر ہمارا اور ان ملکوں کے ادب میں کیا کچھ ایسا ہے تو ایک سا ہے۔ اس سلسلے میں بھی پہل ہندوستان ہی کی کرنی ہوگی۔

میں ان لوگوں میں ہوں جو ہندستانی کو کیول آسان ہندی یا صرف آسان اردو نہیں مانتا۔ یہ بھی ہے مگر ان دونوں کے ساتھ ساتھ ہندستانی کی اپنی ہستی اپنی پہچان، اپنی روایت بھی ہے۔ ایک تو یہی دیکھ لیجیے کہ روزانہ کی گنتی میں کیا کوئی فرق ہے وہی ایک، دو، تین، چار، پانچ ہیں دوسرے یہ تو آدمی کے ہاتھ، پیر، ناک، کان، سر، آنکھ، گردن اور دوسرے حصے ہیں کیا ان کے لیے اردو ہندی نے الگ الگ لفظ اور شبد گڑھے ہیں، تیسرے ہمارے رشتے دادا، دادی، نانا، نانی (ایک خالہ، خالو کو چھوڑ کر) کیا الگ الگ ہیں، چوتھے وہ روز کام آنے والی چیزیں پانی، ہوا، بھاپ، کپڑا، روٹی اور پھر اسی طرح ہمارے ادب اور ساہتیہ کا معاملہ بھی ہے۔

غالب اور اقبال کی آسان غزلیں، نظمیں یا نرالا اور دنکر کی آسان کویتاؤں کو ڈھونڈھنے اور ان میں ہندستانی پن کی کھوج

الگ بات ہے مگر ایک سلسلہ ہے ٹھیٹھ ہندستانی ادب اور ساہتیہ جس کا ایک سرا تو لوک ادب یا لوک ساہتیہ سے جڑا ہوا ہے چاہے چھپا ہوا ہو یا نہ ہو چاہے اس کے لکھنے والے کا نام معلوم ہو یا نہ معلوم ہو۔

اماں میرے باوا کو بھیجو جی کہ ساون آیا

کاہے کو دینی بدیس رے سن بابل مورے

اَتّل بَتّل بہمے بو — اسّی نوّے پورے سَو

امیر خسرو، نانک، نام دیو، کبیر سے ہوتا ہوا یہ سلسلہ انشا کی رانی کیتکی نظیر اکبرآبادی، جہادیوی، بچّن، ناگارجن، آرزو لکھنوی، پریم چند، منٹو سریشور دیال سکسینہ، رگھبیر سہائے اور مدرا راکشس تک جاتا ہے اور نثر اور نظم، گدیہ اور پدیہ کو سمیٹتا ہوا آگے بڑھتا ہے۔ ہندی کوی ناگری میں غزلیں لکھ رہے ہیں۔ دشینت چوبے سے لے کر شمشیر بہادر سنگھ تک ہندی غزل میں نام پیدا کر رہے ہیں اور اردو والے دوہے اور گیت لکھ رہے ہیں جمیل جالبی سے ندا فاضلی تک اور میراجی سے بیکل اتساہی تک اس سے بڑی قومی ایکتا اور کیا ہوگی اور یہ سب ہو رہا ہے اس سمے جب نفرت کے جھگڑے چل رہے ہیں اور میل ملاپ کی ساری بنیادیں ہلائی جا رہی ہیں۔ آج بھی ہندستانی

بولی ٹھولی دونوں کو ملانے والا امرت ہے۔

یہ تو ہوئی ساہتیہ کی بات۔ یونہی بیٹھے بیٹھے دھیان آیا کہ اپنے پُرکھوں کو بھی کنگھالیں۔ ذرا دیکھیں تو اُن کا رویہ دیسی اور بدیسی شبدوں کے ساتھ کیا رہا ہے۔ ذرا آنکڑے اکٹھے کیے تو اچنبھا ہوگیا۔ سورداس، بہاری، میرا، نانک نے ایک دو نہیں، سینکڑوں بھی نہیں ہزاروں لفظ عربی، فارسی، ترکی کے برتے ہیں۔ میری بات نہ مانیے ان کی جو شبد کنڑا اور لفظ شماری ہوئی ہے اسے اٹھا کر دیکھ لیجیے۔ پنڈت ہزاری پرشاد دویدی نے میرے سامنے کہا کہ تلسی کی رامائن میں ایک جگہ سطر کا شبد آیا تھا سارے ٹیکا کار اور شرح لکھنے والے اس کے معنی سنسکرت اور پراکرت میں ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر اٹکل لگاتے رہے مگر تھا وہ عربی کا لفظ سطر یعنی لائن۔

پھر ذرا نظر ڈالیے سائنس پر۔ اگر سائنس ہم نے اپنی بھاشا میں اور بول چال کی بھاشا میں نہ پڑھائی تو ہم پیچھے رہ جائیں گے اور سائنس کے اپنے لفظ اپنی شبداولی ہوتی ہے۔ کچھ تو ایسی ہوتی ہے جس کا انوواد اور ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا اسے جوں کا توں لینا ہی ہوگا مگر یہ نہ بھولیے کہ ہماری آپ کی اسی دنیا میں ایک ملک جاپان بھی ہے جو بہت آگے جا چکا ہے سائنس اور ٹیکنالوجی کی دنیا میں نام اور بڑا نام پیدا کر چکا ہے اور اس نے سائنس انگریزوں سے اور انگریزی میں نہیں سیکھی اور پڑھی کمال یہ کیا کہ سائنسی عمل اور پریوگ کے

پیچھے کام کرنے والے طریقوں کو سمجھانے کے لیے جاپانی بھاشا کو کام
میں لایا۔ یہ کام ہمیں بھی کرنا ہوگا اور جتنا بن پڑے کرنا ہوگا کہ ہماری
بول چال کی زبانیں پرانے یگ اور بیتے دنوں ہی سے جُڑی نہ
رہیں ساہتیہ اور درشن، ادب اور فلسفے ہی سے چپکی نہ رہیں آگے
کی طرف دیکھ سکیں اور آنے والے زمانے سے سائنس اور وگیان
سے آنکھیں ملا سکیں اِس میں ہماری دقیانوسیت کی بہت سی
بیماریوں کا علاج بھی ہے۔

بڑی اچھی بات ہے کہ دیس میں تھوڑا بہت ہی سہی ساکشرتا
اور عام تعلیم کی چرچا ہوئی ہے مگر جس ساکشرتا کی سب سے زیادہ
ضرورت ہے وہ اسی عام بول چال کی بولی ہندستانی کی ساکشرتا
کی ہے جو دونوں لکھاوٹوں میں لکھی جاتی ہے اور جو ہماری ہزاروں
سال کی کمائی ہے کہ یہی بنیاد ہو سکتی ہے۔ ہماری قومی اور سانسکرتک
ایکتا، ہمارے قومی ملاپ اور تہذیبی ایکتا کی۔

ہندستانی
ہماری مشترک لسانی میراث

تنویر احمد علوی

جب ہندستانی کا نام زبانوں پر آتا ہے یا ذہنوں کی سطح پر ابھرتا ہے تو اس سے اردو ہندی، ہندستانی کے حوالے کچھ سیاسی اختلافات یا وادِ وواد کی صورت بھی ان لوگوں کی سوچ کا حصّہ بنتی ہے جو اس قضیے سے معلوماتی سطح پر واقف ہیں لیکن اب اس کی ضرورت نہیں کہ ماضی کے دریچوں سے اس سیدھے سادے مسئلے کے اس سیاسی منظر نامے پر نظر ڈالی جائے اب تو ہماری ضرورت کا تقاضا یہ ہے کہ آج کے حالات میں اس پر سنجیدگی سے غور کیا جائے اور سوچ کی اس راہ پر سفر کیا جائے کہ ہندستانی تو آج بھی ایک بڑی سچائی ہے۔

امیر خسرو نے اردو کو "دہلوی" کہا اور پنجابی کو "لاہوری"۔ اس کے علاوہ شمال اور جنوب کی دوسری بولیوں کا ذکر کیا جو اپنے رنگ ڈھنگ کے اعتبار سے اپنی الگ شناخت رکھتی تھیں ان میں کیا کیا

صورتیں، آوازیں، لفظ اور معانی کی حیثیتیں ایک دوسرے کے ساتھ ملی جلی تھیں اور ہیں اُن کی اپنی ایک حیثیت ہے جو ان کے "سماجی رشتوں کی پہچان" میں مدد دیتی ہے۔ خسرو کی کہمکرنیاں، دوہے، ڈھکوسلے، پہیلیاں، گیت کبت وغیرہ وغیرہ اس ہندستانی رجحان کی بولتی چالتی صورتیں ہیں۔ اس کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ دہلوی زبان کے ساتھ ہم اس کے ذریعہ ہندستانی کے مزاج اور کردار کو بھی اس عمومی اور عوامی روایت کی صورت میں جان مان سکتے ہیں۔

یہ زبان اور اس کے پس منظر میں موجود کوئی بھاشا اور بولی اپنے تاریخی اور تہذیبی پھیلاؤ کے ساتھ کہاں کہاں پہنچی اور کن کن بولیوں اور بھاشاؤں سے رس اور جس قبول کرتی رہی۔ اس کی کہانی باقاعدہ اور بے قاعدہ شکل میں ہماری لغت کی کتابوں، قصّے کہانیوں اور شعر و شاعری کے مجموعوں میں مل سکتی ہے۔ آخر اس زبان کا اپنا ایک مزاج بن گیا۔ اس کا اپنا محاورہ اپنا روزمرّہ بن گیا اور بڑی حد تک کھڑی بولی کے آدھار پر اس کا اپنا لب و لہجہ اور ادائیگی کا طریقہ سلیقہ بھی (یہ کہیے کہ) متعین ہو گیا، بڑی حد تک اس لیے کہ آئندہ جب یہ دوسری بولیوں کے درمیان پہنچی تو وہاں کے مقامی لہجہ یا علاقائی تلفظ سے بھی خود کو الگ نہیں رکھ سکی، ہر جگہ تو لسانی جزیرے موجود نہیں ہوتے۔

اس ہندستانی کی بنیاد کھڑی بولی کو جاننا چاہیے اور مغربی یوپی کے لوگ دہلی کی بولی کو "کھڑی بولی" کہتے اور جانتے آئے ہیں

اس لحاظ سے دہلی کی کھڑی بولی کو ہندستانی کا ایک اچھا اور سچا نمونہ ماننا چاہیے۔

بڑی زبانوں کا جو برابر پھیلتی اور بڑھتی رہتی ہیں یا بول چال اور لکھائی پڑھائی والی زبان کا دائرہ اتنا تنگ نہیں ہو سکتا۔ ان میں پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ رنگا رنگی اور لہجہ کا اُتار چڑھاؤ تو آئے گا اور آنا چاہیئے کبھی حیدرآباد، اورنگ آباد، گلبرگہ، بیدر، بیجاپور، احمد نگر اور سورت ہماری زبان کے اہم مرکز تھے اور اسی علاقائی صورت حال کے پیش نظر اس زبان کو مختلف ناموں سے بھی یاد کیا گیا جن میں کھڑی بولی کے علاوہ گجری، دکنی، گوالیاری سے الگ "ترکا ماٹا" اور "موڑس" بھی شامل ہے۔

ہندی یا ہندوی یا اردو کے نام بھی آئے اور اردو تو "بزبان اردوئے معلّٰی" شاہ جہاں آباد" سے اخذ کیا گیا۔ غالبؔ اور مصحفیؔ جیسے اس کے شاعر تو اسے ہندی ہی کہتے رہے مستشرقین (ORIENTALISTS) نے اسے "ہندستانی" کہا اور اس کے پھیلاؤ اور وسیع تر لسانی حلقے کو سامنے رکھتے ہوئے کہا۔ انھوں نے اسے فارسی، دیوناگری اور رومن اسکرپٹ میں لکھا تاکہ زیادہ سے زیادہ وہ پھیلاؤ کے ساتھ اسے پڑھا لکھا بھی جا سکے۔

ایسا پچھلی دو ڈھائی صدیوں میں ہوتا رہا۔ لغت اور قواعد کے ساتھ دوسری نوعیت کے کتب و رسائل کو بھی ان تینوں خطوں میں

ایک ساتھ چھا پا گیا۔ بدقسمتی سے یہ صورت حال کچھ خاص علمی اور ادبی دائروں سے آگے نہ بڑھی۔

آج ہماری زبان کا پھیلاؤ بہت بڑھا ہے جس کے ساتھ یہ ایک ایشیائی زبان ہی نہیں عالمی زبان بن گئی ہے اور مشرق کے ساتھ مغرب میں بھی پھیل رہی ہے۔ ترسیل و ابلاغ یا ماس میڈیا کے ترقی یافتہ مشینی وسیلوں نے اس کو یہاں سے وہاں تک پھیلا دیا ہے اب اس کا تعلق بہت سے عالمی شہروں، ملکوں اور مرکزوں سے قایم ہو چکا ہے بلکہ یہ کہیے کہ ہندستان اور پاکستان کے بمبئی، کراچی، دہلی، لکھنؤ، لاہور اور حیدرآباد جیسے شہر ہی نہیں اور بھی ایسے بڑے شہر ہیں۔ یہ زبان جہاں کی لنگوا فرنکا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ یہ توقع کی جاتی ہے کہ یہ رابطہ کی زبان کی حیثیت سے اپنا شہری کردار برابر اپنی توسیعات کے ساتھ ادا کرتی رہے گی۔

ہماری فلمیں آسام کی وادیوں سے لے کر پاکستان میں وادی کاغان..... تک دیکھی جاتی ہیں۔ ان کے مکالمے اور گیت نیز ان کی دھنیں شوق سے سنی جاتی ہیں اور جب ہم فلمی گیتوں کی بات کرتے ہیں تو اس میں مقبولِ عوام غزلیں اور خوبصورت نظمیں یا اُن کے ٹکڑے بھی آجاتے ہیں، مشاعرے بھی پسند کیے جاتے رہے ہیں اور آج بھی مقبول ہیں فیض احمد فیض (مرحوم) احمد فراز اور بشیر بدر جیسے شاعروں کو سبھی سنتے ہیں اور گائی جانے والی غزلوں کو بھی۔

دیکھنا یہ ہے کہ زبان اور طرز اظہار کی وہ کون سی سطح اور تازگی و نئے پن کا وہ کون سا پہلو ہے۔ جو ادھر سے ادھر تک ذہنوں کو جوڑتا اور دلوں پر دستک دیتا ہے وہی ہماری ہندستانی زبان ہے جس میں اردو اور ہندی کے رشتے کا کوئی بھید بھاؤ نہیں۔

بازاروں میں بھی تو ہم بے تکلف بات چیت کرتے ہیں، گلی کوچوں میں تو ہم ایک دوسرے کی سنتے ہیں اور سب سے اپنی کہتے ہیں۔ اس زبان کو قصبوں، چھوٹے شہروں اور گاؤں کی زبان میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ آخر ہم سب کی ضرورت کے وہ کون سے الفاظ ہیں جن کے سہارے ایک عام آدمی بھی اپنی بات کہتا ہے اپنے کاروباری معاملات میں اس کا سہارا لیتا ہے اسی میں وہ پیار بھی کرتا ہے اور ناخوشی کا اظہار بھی عام بول چال کی بھاشا میں استعمال کے نئے پن کے ساتھ کوئی ایسی تازگی اور دلوں کو لبھانے کی قوت آجاتی ہے کہ وہ زندگی کے جوڑ توڑ میں ریشم کی ڈوری اور زنجیر کے حلقوں کا کام دیتی ہے۔

اس زبان کے اچھے اور کھرے نمونے ہمیشہ ہی ملتے اور ہماری شاعری اور نثر میں محفوظ ہوتے رہے۔ ولی سے لے کر میر، اور میر سے لے کر داغ تک کسی کا بھی کلام اٹھا کر دیکھیے، آپ کو اس عمومی زبان اور عوامی سلیقۂ اظہار کی مثالیں ملتی جائیں گی۔ میر امن سے شروع کر کے خواجہ حسن نظامی تک آجائیے، ہندستانی اردو کے اپنے نقش واضح ہوتے جائیں گے۔

شاہ حاتم نے جو دورِ اول کے استادانِ سخن میں سے ہیں جب زمانے اور زندگی کے اثرات کو زبان اور اس کے لہجے پر ایک زندہ اسلوب کے طور پر مرتسم ہوتے دیکھا تو اپنے ضخیم دیوان کا انتخاب کیا اور اُس پر ایک مختصر مقدمہ لکھا اور اہلِ علم و ادب کی موجودگی میں فصاحت اور سلاست کا وہ معیار قایم کیا جو عوام کے لبوں پر رقص کرتے ہوئے لہجے اور عمومی لفظیات سے اخذ کیا گیا تھا جس میں "تسبیح" کو "تسبی" اور "صحیح" کو "سہی" مانا گیا تھا، یہ گویا "تت سم" سے "تدبھو" کی طرف آنے کا عمل تھا اور اسی کے نتیجہ میں بات پھر وہاں تک آئی کہ میر نے یہ کہا کہ میرے کلام کے لیے یا محاورۂ اہل دہلی ہے یا جامع مسجد کی سیڑھیاں.

"محاورۂ اہل دہلی" یہاں ایک "عمومی معیار" ہے اور جامع مسجد کی سیڑھیاں، اس کی ایک علامت۔ اس معیار میں توسیع ہوتی گئی اور اس علامت کا نئے معنی اور نئی معنویت کی طرف سفر جاری رہا۔ میر ہی کی زبان میں اس عمل کو ہم اس طرح بھی دہرا سکتے ہیں :۔ ؎

شعر میرے ہیں گو خواص پسند
پر مجھے گفتگو عوام سے ہے

ہندستانی کی اپنی شناخت میر کے لب و لہجہ اور لفظیات کے ساتھ قایم ہو گئی اور ان ہی کے زمانے میں یا ان کے کچھ بعد تک نظیر

اکبرآبادی کے یہاں عوامی ذہن، عوامی زندگی اور عوامی زبان کے اعتبار سے اس میں دھنک کے سے جو نئے رنگ پیدا ہوئے ان کا اثر بعد کی شاعری نے بھی قبول کیا۔ حالیؔ کی مناجاتِ بیوہ کو خود گاندھی جی ہندستانی اور جن سادھارن کی بھاشا یا عوامی بولی کا ایک نمونہ تصوّر کرتے تھے۔

سادہ، سلیس اور با محاورہ زبان پر برابر زور دیا جاتا رہا۔ انشاؔ نے دریائے لطافت میں میر غفر غینی کی جو بات چیت نقل کی ہے وہ اردو کی ٹکسالی بولی کا بھی ایک سیدھا سچّا نمونہ ہے نون غنہ سے وابستہ تلفّظ کی بات دوسری ہے کہ وہ ایک شخصی مجبوری اور اس کی پیدا کردہ صورت حال ہے۔ لال قلعہ، اردو بازار، سید واڑے اور کابلی دروازے سے تعلق رکھنے والی جس زبان کو صحیح اور فصیح کہا گیا ہے اسے تذکروں کی سیر کے دوران دوسرے شہروں کے ادیبوں اور شاعروں کے یہاں بھی دیکھا جا سکتا ہے، تھوڑا بہت مقامی لہجہ اور محاورہ کا اثر آ جانا تو زبان کا عیب نہیں، اس کا حسن ہے، طرزِ ادا کی خوبی ہے۔

فورٹ ولیم کالج میں جو نثر لکھی گئی اور شہری محاورے یا روزمرّہ کو اس میں سمو کر اور سنجو کر پیش کیا گیا وہ ہندستانی زبان و ادب کا "شِلا آدھار" بن سکتی ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس میں پچھلے دو سو برس میں جو تازگی اور حسن باقی رہا وہ کیا ہے اور کیوں ہے اور وقت کے

ساتھ جو نیا طرز ادا اختیار کیا گیا لفظ و معنی کے رشتے در رشتے سلسلوں میں جو تبدیلیاں آئیں، اظہار و ابلاغ کی روشوں میں جو تغیر آیا اس کا اپنے ماحول اور بنتی بگڑتی معاشرت سے کیا تعلق ہے۔ یہیں سے اخذ و انتخاب اور رد و قبول کے پیمانے بھی سامنے آجائیں گے۔ تاریخ خود کو کبھی نہیں دُہراتی اور ہمیشہ یہی دُہراتی ہے کہ اس کی روشنی میں نئی راہ کا تعین ہوتا ہے۔

ماضی بعید ہو یا ماضی قریب یا پھر زمانۂ موجود، ہندستانی کی اچھی مثالیں اور بڑی تعداد میں ہر دور میں مل جائیں گی۔ سوال ان کو اخذ و انتخاب کی منزل سے گزارنا اور اس کے نمونوں کی دور بدور تاریخ مرتب کرنے اور اس کے کھرے پن پر زور دینے کا ہے۔ جس حد تک ممکن ہو اس کے قوس قزح جیسے نیم دائرے میں رہ کر کام کیا جائے اور اس کے مرکزی دائرے سے فاصلہ قایم ہونے پر بھی مرکز سے لسانی وفاداری قایم رکھی جائے۔

تلفظ اور املائی علامتوں کے لیے فورٹ ولیم کالج کی تصانیف سے استفادہ کیا جائے اور حسب ضرورت اضافے اور ترمیم سے کام لیا جائے۔ املائی روایت اپنے چلن کے ساتھ اگر نئی ضرورتوں کا ساتھ دے یا پھر جس حد تک ساتھ دے سکے اس سے روشنی اور رہنمائی حاصل کی جائے۔ ٹائپ اور کمپیوٹر کی طرف آنا ایک ناگزیر مرحلہ ہے اسے جلد یا بدیر طے کرنا ہے۔

اردو کا اپنا رسم الخط بہرحال وہی ہے، جس میں یہ زبان صدیوں سے لکھی پڑھی جا رہی ہے لیکن ہندستانی کے حدود استعمال اور جو لوگ اس طرف آئیں اور اس کی سچّائیوں، اچھائیوں کے حق میں فیصلہ دیں وہ اس کے لیے اپنے دست وقلم کی سہولت کے پیشِ نظر اگر دیوناگری اور رومن اسکرپٹ بھی کام میں لائیں تو کیا بُرا ہے اس سے زبان کا حلقۂ اثر اور دائرہ کار وسیع ہوتا ہے۔ زبان اور رسم الخط کا چولی دامن کا ساتھ ہے لیکن پتّھر اور لکیر کی طرح نہیں۔

ایسا ہوتا بھی رہا ہے فورٹ ولیم کالج کی کتابوں اور رسالوں، دہلی سوسائٹی کے صفحات کی سیر اس خیال کو حال اور تجربے کو مشاہدہ بنا سکتی ہے۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے اس دور میں زبان، لفظیات اِملا اور رسم الخط کو سائنسی نقطۂ نظر سے بھی ہم آہنگ کرنا ضروری ہے اور اس کے لیے تبدیلیاں ناگزیر۔

عام آدمی، ہندوستانی بھاشا اور دھرم نرپیکھشتا

ڈاکٹر وِنے

آج بھاشا اور دھرم کو لے کر راشٹر کے سامنے جو چنوتیاں کھڑی ہو گئی ہیں اُنھیں دیکھتے ہوئے یہ آوشیک ہو گیا ہے کہ اُن پر پھر سے ایک بار گمبھیرتا سے وِچار کرنا ہوگا، بھاوُکتا کو چھوڑنا ہوگا اور سمے کے یتھارتھ کو پہچانتے ہوئے کچھ ٹھوس نرنئے لینے ہوں گے۔ جو کام دیش کی سوادھینتا کے بعد پراتھمکتا کے اُستر پر ہونے چاہیے تھے وے کیوں نہیں ہوئے، یہ سمے اِس بحث میں پڑنے کا نہیں بلکہ اِس بحث کو نئے سرے سے اُٹھانے کا ہے۔ کیا ہم اپنی سنکیرنتاؤں میں سمٹ کر ستیہ کے سامنے آنکھ موند کر استیتھیوں کو اُن کے حال پر چھوڑ دیں، جیسا کہ اِس سے پہلے بھی کئی بار اپنے اپنے اَہم کا شکار ہو کر ہم کر چکے ہیں۔ اِتہاس میں زیادہ گہرے جانے کی آوشیکتا نہیں موجودہ شتابدی کا اِتہاس ہی اگر دِرشٹِ پتھ میں لائیں تو یہ صاف ہو جاتا ہے کہ جو آزادی ۱۸۵۷ء کے جن آندولن سے بنے واتاوَرن

کے کارن کچھ ہی دور پر رہ گئی تھی، وہ ہمارے ہی شڑ و منی کرتا دھرتاؤں کی راشٹر نیتی کے اَبھاؤ میں نوّے وَرش پیچھے کھسک گئی اور جو آزادی ملی اسے بھی اَدھنے پَونے روپ میں ہی پایا جا سکا ہے۔ اَونے پَونے اِس لیے کہ بھارت ورش کو آزادی نہیں ملی، اُس کے بھوگولک ٹکڑوں کو الگ الگ وِبھاجت، آزادی ملی لیکن جو ملی اور جس روپ میں ملی آج اُسے بھی سُرکشِت رکھنے کے لیے اِتہاس سے سبق سیکھنا تو ضروری ہے۔ کیا ہم وے غلطیاں جنھوں نے بھارتیہ اکھنڈتا کی نیوَ (بنیاد) میں مٹھّے کا کام کیا، دوبارہ دوہرائیں گے؟ بات کے سرے کو پکڑتے ہوئے یہاں یہ کہنا ضروری ہے کہ بھاشا اور سامپردایک سامنجسیہ دونوں ایسی کڑیاں ہیں جن کے سرے پکڑ کر لکش کو پانے میں ابھی بھی ہم سپھل ہو سکتے ہیں۔

ایک استیتھی تو یہ ہے کہ باہری آکرمکتا کے روپ میں آگمن مسلمانوں کا بھی ہوا اور انگریزوں کا بھی، لیکن اِس میں ایک اَنتر تھا، مسلمان یہاں آئے، شاسن ستّا اپنے ہاتھ میں لی اور یہاں آ کر بس گئے، مغل شاسک اکبر کی اُدار نیتیوں کا ہی پرینام (نتیجہ) تھا کہ ہندو مسلم سنسکار بھنّ بھنّ جاتیوں میں ایک سامنجسیہ پورن ویوہار نیتی کا وِکاس ہوا کیوں کہ یہ لوگ یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ اِن کی دھارمک آستھائیں قرآن پر اَوَلمبِت رہیں یا پوجیہ استھل مکّہ، مدینہ سے جُڑی رہیں لیکن رہن سہن، لین دین اور ویوہار میں ہندو، مسلمانوں کے بیچ اُپجی پارسپرکتا نے اُن میں کافی

حد تک بھاؤناتمک ایکتا استھاپت کرنے میں ایک اہم بھومیکا نبھائی اور شاید اسی کا پرینام تھا کہ انگریزوں کے خلاف آزادی کے لیے چھیڑی گئی جنگ میں دونوں نے پوری تنمیتا سے سہیوگ کرتے ہوئے حصہ لیا، کیونکہ انگریز اکرمنتا بھی تھے اور بھاؤناتمک روپ سے وے بھارت سے نہیں جُڑ پائے تھے، وے جُڑنا بھی نہیں چاہتے تھے وے اسے اپنا ایک آرتھک پہلوسا دھنے والا اُپنویش ماتر بنائے رکھنا چاہتے تھے۔ اِس کے وِپریت مسلمان یہیں بس جانے کے کارن یہیں کے ہوکر رہ گئے تھے۔ ان کی ستّا کا کیندر یہ سُوتر بھارت ہوگیا تھا۔ ایران یا اَنیہ کوئی راشٹر نہیں جب کہ انگریزوں کی ستّا کا کیندر یہ سُوتر آخر تک انگلینڈ بنا رہا۔ یہاں پر لاگو ہونے والے نیَم قانون لندن میں اِستھت برٹش سرکار کے دوارا سنچالت ہوتے تھے۔ یہ تھا اپنے اور پرائے پن کا مُول بندو جس کے کارن مسلمان سنسکار بھن ہوکر بھی یہیں اپنی جڑیں ہونے کے کارن یہیں کے بنے رہے اور انگریز اِس دیش کو چھوڑنے کے بادھیہ ہوئے۔

اب پرشن یہ ہے، اور سمے کا ستیہ بھی یہ ہے کہ جب جس جاتی یا سمپردائے کی جڑیں یہیں بھارتیہ بھومی میں گڑی ہیں تو اُسے بھی بھارتیہ ہونے کا ادھیکار ہے۔ یہ سوال اُپ راشٹریتا کا بھی نہیں ہے سوال دو بھن پوجا پدھتیوں کو مان کر چلنے والی اور دو لپیوں میں لکھی جانے والی ایک سی بھاشا والی پرجاتیوں کے آپسی ہتوں کی رکشا

کے ساتھ پَرسپرِک سومنسیہ کا ہے اور ایک راشٹر کا لکش لے کر سامو ہِک روپ سے راشٹر کے وِکاس میں لگ جانے کا ہے، تو پھر اِس لکش میں اَڑچنیں کیا ہیں؟ یہاں یاد آتی ہے پریم چند کی کہانی "بڑے گھر کی بیٹی"، جو پارِیوارِک ایکتا کے لیے اپنے اَپمان کو بھول کر ایک بہو کی بھومِکا میں نہ کیول ٹوٹتے پریوار کو بچاتی ہے بلکہ گاؤں کے اُپہاس کرنے والے وَرگ کو بھی ہنسی کا اَوسر (موقعہ) نہیں دیتی۔ بڑے گھر کی بیٹی ایسی ہی ہوتی ہے۔ یوں یہ کہانی سنیوکت پریوار کی سَمَسیا کو لے کر لکھی گئی لیکن اِس کی اَرتھ چھایا دُور دُور تک جاتی ہیں۔ دیش بھی ایک سنیوکت پریوار ہے اِسے بھی ایک بنائے رکھنے کے لیے اسی اِسپرٹ میں لینا ہوگا، سمجھنا ہوگا۔ بڑے گھر کی بہو اور دوسرے اَلپ سَنکھیک کا سمنوِیہ ہونا ہی چاہیے۔

آج ہمارا دیش پھر سے سامپردایکتا، فرقہ پرستی، شیتریتا اور اَنگاؤواد کے مسئلوں میں اُلجھا ٹوٹن کے کگار پر ہے۔ اِس ٹوٹنے کے کچھ سنکیت اِسپشٹ ہی بھارتیہ راشٹریہ کانگریس کی کاریہ پدھتی میں وِدیمان ہیں، جو بھومِکا اُس نے آزادی پانے کے لیے نبھائی تھی۔ بات ۱۹۳۷ء کی ہے، تمام پچھلے جھگڑے بھول کر پھر سے راشٹریہ سندربھ میں کچھ ٹھوس کرنے کے سوال پر ہندو، مسلم اور سکھ ایکتا کو لے کر ایک مہم چلی ہندوستان ہندوؤں کا ہے، مسلمانوں کے لیے پاکستان چاہیے۔ اِس بڑی آواز کے بیچ ۱۹۳۷ء کے چناؤ میں سنیوکت پرانت میں مسلم لیگ اور

کانگریس نے سمجھوتہ کیا تھا کہ اگر جیت ہوئی تو اُن کی سنیوکت سرکار بنے گی جس میں دو سدسیہ مسلم لیگ کے بھی رہیں گے۔ چودھری خلیق الزماں اور نوابؔ اسماعیل خاں اُس وقت سنیوکت پردیش میں مسلم لیگ کے نیتا تھے۔ سمجھوتے کے مطابق مولانا آزاد نے اُنھیں آشوسْت کیا تھا کہ دونوں کو سرکار میں لیا جائے گا لیکن پنڈت جواہر لعل نہرو نے لکھ دیا کہ اُن دونوں میں سے صرف ایک کو ہی منتری منڈل میں لیا جائے گا یہ صاف صاف وعدہ خلافی تھی۔ مسٹر جناح نے اِس وعدہ خلافی کا لابھ اُٹھایا اور آج کا پاکستان اِسی دِشا میں بڑھتے اَوِشواس کا پریِنام ہو کر سامنے آیا۔ (سندربھ، عام، آدمی۔ جولائی ستمبر۔ ۸۸)

ہم اِتہاس کو چھوڑ کر آگے بڑھتے ہیں لیکن بیچ میں اِتنا اَوشیہ کہہ دیں کہ راجنیتک دھراتل پر ستّا سوارتھی نے اپنے اپنے حصّے کی ملکیت کو پانے کی جلدبازی میں لوگوں کے ملے ہوئے دلوں کے بیچ ایک کانٹوں بھری دیوار کھڑی کر دی۔ اور یہی ہندی اردو لیپی کا بھید مٹا کر ہندوستانی کے روپ میں نہ کیول اُتّر بھارتیوں اَپِتو انیہ پرانتوں کی عام آدمی کا سنسکار بھی بن سکتی ہے۔ ماتر بھاشا سے الگ۔۔ سوارتھ اپنا سادھا اور زہر عام آدمی کی زندگی میں گھول دیا۔ یہ ایک کڑوا سچ ہے۔ دھوبی ہندو ہو یا مسلمان، وہ جاتیہ بھید سے کپڑے نہیں دھوتا، نہ کسان جاتیہ بھید سے اَنّ اُپجاتا ہے؛ درزی جاتیہ بھید سے کپڑے نہیں سِلتا؛ ادھیاپک جاتیہ بھید کر کے کلاس میں پڑھاتا

نہیں، کمہار جاتیہ بھید سے برتن نہیں بناتا، نہ باغبان جاتیہ بھید سے سبزی اُگاتا ہے، یہ جاتیہ بھید اپنے اپنے سوارتھی کے روپ میں سنسد میں پنپتا ہے یا نیتاؤں کی بیٹھکوں میں اور راشٹریہ پھلک پر اِس کے سارے سنکیت اَکھل بھارتیہ راشٹریہ کانگریس کے چرِتر وِشلیشن میں مل جائیں گے۔ اِنھیں کچھ سنکیرنتاؤں کو مٹانے کے خیال سے جہاں ایک اور ساہتیہ میں آدھونِک کال کے روپ میں نئے یُگ کا اُودے ہوا تو جن آندوسن کی بھاشا کے روپ میں کھڑی بولی ہندی کا پرچلن شروع ہوا۔ کیا تھی کھڑی بولی ہندی؟ دیوناگری لپی میں لکھی گئی سنسکرت، عربی، فارسی اور کچھ لفظ اپنا لیے گئے انگریزی شبدوں کا مِلا جُلا روپ۔ جس کی وِیاکرن ہندی، اردو کی تھی یا پھر جو بھاشا جن سموہ کی تھی اور اسی بھاشا نے ہندو، مسلمان، سِکھ کے بھید بھاؤ کے بنا پورے دیش کو ایک جھنڈے کے نیچے کر دیا۔ انگریزوں نے اِس میں پھوٹ ڈالنے کے لیے سنسکرت بہُل دیوناگری کو ہندی اور فارسی بہُل سامی لپی میں لکھی بھاشا کو اُردو کا نام دیا۔ یدی لپی کو چھوڑ دیا جائے اور سنسکرت، فارسی بہُلتا کا الگاؤ ہٹا دیا جائے تو جو بھاشا بنتی ہے وہ ہندوستانی بھاشا ہے اور آزادی سے پہلے آزادی کا پرچم اِسی بھاشا کے ہاتھ میں تھا۔

آزادی کے بعد پاکستان بن گیا، وہ مسلم سنسکرتی کا پرتیک ہو گیا لیکن جو حصّہ انڈیا کہلایا، اِسے آپ ہندوستان کہیں یا بھارت،

سمویدھانک اِستھیتی میں ایکِ سیکولر راشٹر گھوشِت ہوا۔ یدی پوروا گرہ چھوڑ دیں تو یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جو لوگ مسلم سنکیرنتا سے گرست تھے اتھوا اپنے جاتی سنسکاروں سے یہ خاص راج نیتی کے شکار تھے وہ پاکستان کے روپ میں استھاپِت ہوئے لیکن جن کے منوں پر صدیوں کا بھائی چارا جما تھا جو اب بھی ہندو مسلم ایکتا کا حامی تھا، جو راج نیتک سوارتھوں سے اُوپر اُٹھ کر اپنی زمین سے جُڑے تھے، جہاں پیدا ہوئے اُس زمین کو چھوڑنا جنھیں گوارا نہیں تھا، وے لوگ یہاں سے جانے کے بارے میں سوچ بھی سکے، جانا تو دُور۔ تو جنھوں نے بھارت کو بھارت آزادی کے آندولن کے پرارمبھک دنوں کے سمان ہی اسی اسپرٹ میں اسے لیتے ہوئے سومنسیہ اور سوہارد کی ویاپک پربھاشا سویکار کرتے ہوئے بھارت کو اپنا دیش سویکار کیا، اس کے لیے راشٹر دھرم سے اُوپر ہے، سنکیرنتا سے اوپر تھا۔ ایسے میں راشٹر کے اُنایکوں کا یہ دایتو ہو جاتا ہے کہ بھِنّ جاتی سنسکاروں کے ہوتے ہوئے بھی سمان راشٹریہ ہتوں کو سامنے رکھ کر سمان نیتی کا نرمان ہو۔

راشٹریہ ایکتا کے لیے بھارت راشٹر کی ناگرکتا کو ۱۹۴۷ء میں بھارت سویکار کرنے والے پرتیک ویکتی (چاہے وہ کسی بھی ورگ کا ہو) کی بھاؤنا کی قدر کرتے ہوئے سب کو سمان روپ سے جیون کے اَوسر پراپت ہونے چاہئیں اور کیونکہ آزاد بھارت بچا ہوا وہ

حصّہ ہے جو مسلم لیگ کی دھارمک سنکیرنتا سے الگ ہو کر جا تیہ سومنسیہ کو سویکار کرتے ہوئے بنا۔ اِس لیے سومنسیہ کو بنانے والی اُس ہندوستانی بھاشا کو، جس کی لپی سوِدھانکول طور پر دیوناگری اَتھوا اسامی اَتھوا دونوں سمان روپ سے سویکار کرتے ہوئے مادھیم بھاشا کے روپ میں اُسی ابھاؤ سے اپنانا چاہیے تھا جس بھاؤ سے بھارتیہ سموِدھان میں بھارت کو سیکولر (دھرم نِرپیکش) اُستر پر دان ہوا۔ یہ ہمارے راشٹریہ نیتاؤں کی ایک اہم بھول رہی، انھوں نے سامپردائک ایکتا کی دِرشٹی سے راشٹر کو سیکولر سویکار کیا لیکن بھاشائی اُستر پر وہ اِس سیکولرزم کو اَستھائتو دینے والا پکش وِسمرت کر بیٹھے۔ کوئی بھی راشٹرا ور راشٹر کی اَسِمتا بنا راشٹر بھاشا کے ادھوری ہے۔

۱۴ ستمبر ۱۹۴۹ء کو "ہندی کو راشٹر بھاشا کے روپ میں مانیتا پر دان کی گئی پر یہ تھوپی نہیں جائے گی"۔ جیسے واکیانش بھی سامنے آئے۔ یدی اُسی سمَے بھاشک اُستر پر بھی سیکولر درشٹی کو اپناتے ہوئے ملی جُلی سنسکرتی کے دیش بھارت کی بھاشا بھی ملی جُلی ہندوستانی بھاشا سویکار کرلی ہوتی تو آج یہ استھتی اتنی وِگھٹن کاری نہ ہوئی ہوتی۔ سوئم مہاتما گاندھی، جو راشٹریہ آندولن کے پرتیک پُروش بنے، انھوں نے سدیو ہندوستانی کا ہی پکش لیا اور یہ ہم بنا کسی سنکوچ کے کہہ سکتے ہیں کہ بھارت

کے ویبھاجن میں ہندو اور مسلم دونوں ہی تتو وادیوں کا بڑا ہاتھ رہا۔ کسی کو بھی کم کر کے نہیں دیکھا جا سکتا، یہ ایک کڑوا یتھارتھ ہے۔

اب سمسیا آج کی ہے، ہمارا ورتمان جتنا وِکرت ہوتا جا رہا ہے اُس دشا میں پرشن یہ نہیں کہ ہم اَنگا وواد، پرانتیہ واد، بھاشا واد، آدی انیک سمسیاؤں سے گھِر گئے ہیں، سب سے بڑا پرشن یہ ہے کہ ستّا پکش اور جنتا پکش کے بیچ پرسپر وشواس کا سُوتر ٹوٹ گیا ہے۔ انگریزوں کے ساتھ بھی یہی ہوا۔ انگریزی سرکار اور بھارتیہ جنتا کے بیچ پرسپر وشواس کے ابھاؤ میں ہی آندولن کا جنم ہوا اور انگریزوں کو جنتا کی آواز کے سامنے جھکنا پڑا۔ آج ستّا پکش میں جو دَل ہیں وہ اپنی دلگت پر بھوستّا کو بنائے رکھنے کے لیے اَدھِک چِنتِت ہیں، دیش کی چِنتا اُن کے سامنے اِتنی نہیں۔ اگر ہمیں دیش کی سمسیا کا ایمانداری سے نِراکرن کرنا ہے اور صحیح سمادھان کھوجنا ہے تو چاہے پنجاب ہو یا آسام، تامل ناڈو ہو یا جموں کشمیر یا بابری مسجد اور ایودھیا کا مسئلہ، اِن سب کا سمادھان بھاشا اور سامپردائک سومنسیہ کے اِرد گرد ہی ٹھہرا ہوا ہے، پرشن ہے اس کے سنچالن کا۔

بات کچھ وِچتر ہے لیکن ترک سنگت بھی ہے کہ سوتنتر بھارتیہ سرکار جتنا لگاؤ آزادی کے سمئے سے ہی پرگتی اور وِکاس کے کرم میں وِگیان کی درشٹی سے انگریزی کے پرتی دِکھلا یا یدی اِتنا لگاؤ

پارسپرک سومنسیہ کی درشٹی سے اردو اور ہندی کے سمنوِت روپ (لیپی بھید کے باوجود) کے پرتی درشایا ہوتا تو نشچے ہی ہمارے دیش کے سامنے آج جیسی سمسیائیں نہ اُٹھ پاتیں۔

اِس کا ایک کارن اِسپشٹ ہے کہ جس بھاونا کے بل پر شیش مسلمانوں نے بھارتیہ راشٹریہ سوروپ کو مانیتا دیتے ہوئے یہاں رہنا سوِیکار کیا، وے نشچے ہی جاتی گت سنکیرنتا سے اُوپر اُٹھ کر راشٹریہ بھاونا سے جُڑے ہوئے تھے، وے اُلپ سنکھیک تھے، یہ توطے ہے لیکن اُنھیں اپنے اِس نرنئے پر کبھی گلانی یا ملال نہ ہو اسی کا وِچار تو ہندو بہُل سماج کو کرنا ہی تھا لیکن ایسا ہوا نہیں۔ بھاشک درشٹی سے سمنوے ہو سکتا تھا اور ہندستانی بھاشا اِس کے لیے بہت اُپیوگی اور کارگر سمادھان تھا پر سویکار نہیں کیا گیا۔

دیوناگری لپی میں لکھی جانے والی ہندی اور اردو شبد سمرِت بھاشا بول چال کے اَستر پر ہندستانی تھی۔ لکھنے کے اَستر پر یدی اسی کو سامی لپی میں لکھا جائے جو یہی اردو تھی یعنی ہندستانی بھاشا سنسکرت نشٹھ ہندی اور اُردو کا مِلا جُلا روپ تھی۔ اسے اپنا کر ہندو اور مسلمانوں میں تمام دھارمِک پرتی بدھتاؤں کے باوجود ایک مِلا جُلا بھاؤ پیدا ہو پانا سَرل تھا۔ آج ہم جس سمواد کی بات کرتے ہیں، ہم صرف سمواد کی بات کرتے ہیں، سمواد کی بھاشا بولتے نہیں اور بِنا سمواد کی بھاشا بولے دھارمِک سامنجسیہ اور سومنسیہ کیسے سمبھو ہوگا،

یہ ایک اہم وِچارنیہ پرشن ہے۔

ہم ہندو ہوں، ہوتے رہیں۔ ہم مسلمان ہوں، ہوتے رہیں۔ ہم سکھ ہوں یا عیسائی ہوں، ہوتے رہیں۔ اِن سب سے اوپر ہم ہندستانی ہیں ہم بھارتیہ ہیں اور جس پرکار سے بھیڑوں کو ایک انوشاسن میں لے کر چلنے کے لیے گڈریئے کی ہُنکارے کی آواز بہت ضروری ہوتی ہے اسی طرح سے بھِنّ مت، مَتانتروں، دھارمِک روڑھیوں پوجا پدھتیوں کے رہتے اِن سبھی وِبھِنّ مانیتا والی پرجاتیوں کو ایک گھیرے میں رکھنے کے لیے ہنکارے والی، سب کی سمجھ میں آنے والی اور سب کو اپنی لگنے والی بھاشا ہندستانی ہے، یہ ماں کی بھاشا ہے جو بچّے کی ہرگتی وِدھی کو پہچانتی ہے۔ یہ آج بھی ہمیں قریب لاسکتی ہے۔ جس دھرم نرپیکھشتا کا جھنڈا ہم بلند کیے ہوئے ہیں اور جس عام آدمی کے سُکھ اور اُتّھان کی بات کرتے ہیں اُس میں نرپیکھشتا، جونکاراتمک بھومِکا نبھاتی ہے، بھاشک سونسیہ اُسے سکاراتمک بنانے میں سکشم ہے۔ موجودہ استھتیوں میں اس تتھیہ کو پہچاننا بہت آوشیک ہے۔

ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ کسی بھی بھاشا کا ایک روپ جتنا سہج سَرل اور سامانیہ ہوتا ہے، اُس کا دوسرا روپ اُتنا ہی مشکل اور اُلجھن بھرا ہوتا ہے۔ پہلے میں وہ صرف ابھی ویکتی کا سادھن ہوتی ہے دوسرے میں قومی کلچر، جاتیہ اَسمِتا اور سماج کے تمیز کی واہک ہوتی ہے۔ یہاں پر وہ کبھی کبھی، دھرم، مذہبی وِشواس کا پریائے بنتی ہے۔ پر یہ سچ ہے کہ

بھاشا جب تک عام آدمی کے سنسکار اور تمیز، وشواس سے نہیں جڑتی تب تک اس کا بڑپّن ظاہر نہیں ہوتا۔ مثال کے لیے انگریزی اور اردو کو ہی لیا جا سکتا ہے۔ اردو کے ساتھ ہندی کے سنگم کو ہندستانی کا روپ دیا ہی نہیں جا سکتا تھا، یدی اردو عام آدمی (بھلے ہی وہ اُدھک اُتّر بھارت میں ہو، وہ سموچے بھارت میں ہے) کے سنسکار میں نہیں آتی۔ اِس لیے انگریزی ملا کر کسی بھاشا کی کلپنا نہیں کی گئی کیونکہ انگریزی عام آدمی کے سنسکار کی بھاشا نہیں بنی۔

اِس لیے مہاتما گاندھی نے کہا تھا:۔

- ہماری قومی زبان ہندی نہیں کہلائے گی بلکہ ہندستانی۔
- ہندستانی کا کسی ایک مذہبی سماج کے حصّے سے سمبدھ نہ ہوگا۔
- اس زبان کے لفظوں میں یہ نہ دیکھا جائے گا کہ کون دیشی ہے کون وِدیشی، بلکہ یہ دیکھا جائے گا کہ کس کا رواج ہے کس کا نہیں۔
- اُردو کے ہندو لکھنے والوں اور ہندی کے مسلمان لکھنے والوں نے جو لفظ استعمال کیے ہیں۔۔۔۔۔۔ وے سب جائز مانے جائیں گے۔ لیکن اردو اور ہندی کی جو مذہبی حیثیت ہے اُس پر اس قاعدے کا کوئی اثر نہ پڑے گا۔
- اصطلاحیں، اور خاص طور پر سیاسی اصطلاحیں تجویز کرتے

وقت سنسکرت کے لفظ اِس لیے پسند نہ کیے جائیں گے کہ وہ سنسکرت ہیں بلکہ اردو، ہندی اور سنسکرت کے لفظوں سے لوگوں کو چننے اور پسند کرنے کا پورا موقعہ دیا جائے گا۔

۴ دیوناگری اور عربی خط دونوں رائج اور سرکاری سمجھے جائیں گے اور اُن تمام سنستھاؤں میں جن کا خرچہ ہندستانی کے پرچارکوں کے ادھین میں ہیں، دونوں خط سیکھنے کا انتظام ہوگا۔

اِس پرکار گاندھی جی نے بہت پہلے عام جنتا اور ہندستانی کے بیچ کی تکلیفوں کو سمجھتے ہوئے ہندستانی کے پرچار کے لیے انیک یوجنائیں سُجھائی تھیں۔ شاید یہ سب باتیں اُس وقت بہت کارگر ثابت ہوتیں یدی پاکستان نہ بنتا۔ یہ میں اِس لیے کہہ رہا ہوں کہ کچھ لوگوں کا وِچار ہے کہ اب ہندستانی کے پرتی اُس آستھا سے کام نہیں ہو سکتا لیکن وے لوگ بھول جاتے ہیں کہ جو ہم یہاں پر ہیں اب ساری ویوستھا انھیں کے ساتھ ہونی ہے۔ اِسی لیے نکٹ بھوشیہ میں اردو، ہندی دو الگ بھاشا کی دلیلیں ختم کرنے کی کوشش ہونی چاہیے۔ اُونچے ادبی لوگ چاہیں تو سنسکرت نِشٹھ اور عربی، فارسی نِشٹھ اردو کا ساہتیہ لکھ سکتے ہیں۔

ہندستانی کے بارے میں اِس لیے بھی گاندھی جی نے زیادہ زور دیا کہ عمل دار اور پورے راشٹر کے لیے یہ بھاشا سیکھنی آسان ہو جاتی انھوں نے اِس بات پر بھی بَل دیا کہ جس طرح سے ہندو مسلمانوں کا

بھید بناؤ نی ٹے ہے اِسی طرح بھاشا کا بھید بھی بنا ؤنی ٹے ہے۔ آج بھی راشٹریہ ایکتا کے لیے یہ بھاشا کا سمکش ضروری ہے، یہ عام آدمی کو آپس میں جوڑنے میں سروو تم سادھن ہے۔

سیکولر بھارت کی بھاشا یعنی دھرم نرپیکش بھارت کی بھاشا بھی دھرم نرپیکش ہونی چاہیے اور شما (معاف) کریں، یدی اردو اکیلی یہ شرط پوری نہیں کرتی تو ہندی بھی دھرم نرپیکشتا کی شرط پوری نہیں کرتی۔ ہندستانی واستو میں دھرم نرپیکش بھاشا ہے جس میں اردو، ہندی، عربی، فارسی اور انگریزی کے کچھ پرچلت شبدوں کے ساتھ ساتھ دیشج اور پرانتیہ شبدوں کا بھی سماویش ملتا ہے۔ اس کا ایک بہترین اُداہرن حیدرآبادی دکھنی ہندی، بمبیا اتھوا کلکتیا ہندی میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ بھاشک روپ چھوٹے چھوٹے پوکٹس میں تو پرچلت رہے ہی بر ویاپک پٹل پر اب بھی ویاپک سویکرتی کا منہ جوہ رہے ہیں۔ ہندستانی بھاشا کو راج بھاشا کے روپ میں، راشٹر بھاشا کے روپ میں ہی مانیتا دے کر ہم یہاں کے بھن جاتی سنسکار والے لوگوں کے بیچ اُستھائی وِشواس قایم رکھ سکتے ہیں۔ وِشواس ٹوٹنے پر ہی پریوار اور راشٹر ٹوٹتے ہیں۔ راشٹریہ اکھنڈتا بھاشنوں سے نہیں، اکھنڈتا کی دِشا میں ٹھوس قدم اُٹھانے سے قایم ہو گی اور اِس دِشا میں پہلا قدم راشٹر بھاشا کے روپ میں ہونا چاہیے۔ ہندوستانی راشٹر بھاشا بنتے ہی ہندی پریوار اچانک ایک

بڑا پریوار ہو جائے گا جس کے چاہنے والوں کی سنکھیا چھوٹے چھوٹے پرانتیہ بھاشاؤں کے بیچ سے آکر ایک ایسے سنگم کا روپ لے لے گی جیسے چھوٹی چھوٹی ندیاں مل کر ایک بڑی ندی بن جاتی ہے، تب بابری مسجد میں ہمیں بابر کی آکرانت درشٹی نہیں بلکہ اپنی بھارتیہ اتہاسکتا کا درشن ہوگا اور ہمارے مسلم بھائی بھی ایودھیا کو پوتر استھلی کے روپ میں ہی سویکار کریں گے۔

جاتی گت وِدویش کی دیوار مضبوط پارسپرک سومنسیہ کے دباؤ میں ٹوٹ کر دھارا شائی ہو جائے گی یہ کوری کلپنا نہیں بلکہ آج کا یتھارتھ ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم کتنی جلدی اسے سویکار کر پاتے ہیں اور کتنی جلدی الگاؤ سے ہٹ کر ایکیّہ کی اور بڑھتے ہیں۔ صحیح روپ سے سیکولر ہونے کے لیے بھاشائی اَستر پر سیکولر ہونا پہلا پائیدان ہے اور ہماری راج نیتک سمجھ یہی بتاتی بھی ہے، ہمیں اتہاس سے سیکھنا ہوگا اور کم سے کم آزادی کا اتہاس تو یہی بتاتا ہے۔

اب ہمارا سب سے بڑا کام اِس کا پرچار کرنا ہے۔ اِس کے وِشے میں میرے سُجھاؤ ہیں کہ :-

۱۔ ہندوستانی کے پریمیوں، سمرتھکوں سے کہیں کہ وے اپنا سارا سرجناتمک اور اکادمک لیکھن ہندستانی میں کریں۔

۲۔ یہ سبھا ہندستانی میں لکھی کویتا، کہانی، اُپنیاس اور آلوچنا کی کتابیں چھاپیں اور اس کا پرچار کریں۔

۳۔ سبھا دوارا ایک پتریکا کا پرکاشن ہو جس میں ہندستانی بھاشا کا ساہتیہ پرکاشت ہو اور مضبوطی سے اسے سامانیہ، عام آدمی کے لیے دیوناگری لپی میں لکھا جائے۔ (اور اردو لپی میں بھی چھپے — م۔ خ)

۴۔ اُس اپرکاشت یا انوپلبدھ ساہتیہ کو چھاپا جائے جو اِس بھاشا میں لکھا گیا ہے۔

(۵ر دسمبر ۱۹۹۲ء کے
ہندستانی پرچار سبھا بمبئی کی
گولڈن جُبلی کے موقع پر پڑھا گیا)

آوشیک	ضروری
بھاؤکتا	جذباتیت
یتھارتھ	حقیقت
نرنئے	فیصلے
سوادھینتا	آزادی
پراتھمکتا	اوّلیت
اُستر	سطح

سنکیرتاؤں	تنگ نظریوں
ستیہ	سچ
استھیتیوں	حالات
اتہاس	تاریخ
آوشیکتا	ضرورت
شتابدی	صدی
درشٹ پتھ	نظر کی راہ میں

جن آندولن	عوامی تحریک
واتاورن	ماحول
کارن	سبب
شرومنی	محترم
راشٹر نیتی	قومی پالیسی
ابھاؤ	فقدان
ورش	برس، سال
بھوگولک	جغرافیائی
وبھاجت	منقسم
اکھنڈتا	وحدت
سامپردائک	فرقہ وارانہ
سامنجسیہ	ملاپ
لکش	مقصد
سپھل	کامیاب
اِستھیتی	صورت حال
مکتا	نجات دہندہ
اَنتر	فرق
شاسن ستا	اقتدار
اُدار	فراخ دل

نیتیوں	پالیسیوں
سنسکار	روایات
بھن	مختلف
پورن	پورے
ویوہار	برتاؤ
نیتی	پالیسی
وکاس	چلن
دھارمک	مذہبی
آستھائیں	عقیدتیں
آوکیندرت	مرکوز
پوجیہ استھل	مقدس مقامات
پارسپرکتا	تسلسل
بھاوناتمک	جذباتی
استھایت	قایم
بھومکا	رول
پرینام	نتیجہ
تنمیتا	تندہی
سہیوگ	تعاون
اکرمنتا	حملہ آور

آرتھک	اقتصادی
اُپنویش	نو آبادی
ماتر	کا
وِپریت	برعکس
ستّا	اقتدار
کیندریہ	مرکزی
سوتر	رشتہ
اَنیہ	دوسرا
راشٹر	ملک، قوم
اِستھت	قایم
دُوارا	ذریعے
سنچالت	ناقد
مُول	خاص
بندو	نقطہ
بادھیہ	مجبور
پرشن	سوال
سمے	وقت
سمپردائے	فرقے
بھومی	زمین

بھارتیہ	ہندستانی
ادھیکار	حق
اپ راشٹریتا	ثانوی قومیت
پدھتیوں	طریقوں
لپیوں	لکھاوٹوں
پرجاتی	قومیت
ہِتوں	مفادات
رکشا	حفاظت
سومنسیہ	خوش دلی
ساموہک	اجتماعی
اڑچنیں	رکاوٹیں
پاریوارک	خاندانی
اپمان	بے عزّتی
کیول	صِرف
اُپہاس	کھلواڑ
ورگ	طبقے، گروہ
سنیکت	متحدہ
سمسیا	مسئلہ
ارتھ چھایا	معنوی عکس

السپ سنکھیک	اقلیتی
سمنویہ	ملن
شیتریتا	علاقائیت
الگاؤواد	علیحدہ پسندی
ٹوٹن	ٹوٹنے
سنکیت	اشارہ
اسپشٹ	صاف
کاریہ پدھتی	دستور عمل
وِدیمان	آئینہ دار
سنیوکت پرانت	اُتّر پردیش
سدسیہ	رکن، (ارکان)
آشوست	اطمینان دلایا تھا
دِشا	سمت
اوشواس	عدم اعتماد
پرینام	نتیجہ
راج نیتک	سیاسی
دھراتل	سطح
ستّا سوارتھی	اقتدار کے لالچی
لیپی	رسم خط

اُتّر بھارتیوں	شمالی ہند باشندوں
سوارتھ سادھنا	مطلب نکالنا
جاتیہ	فرقہ واری
اَنّ	اناج
ادھیاپک	معلّم
سوارتھی	مطلبی
پھلک پر	سطح پر
چرتر	کردار
وشلیشن	تجزیے
ساہتیہ	ادب
آدھونک کال	دورِ جدید
یُگ	زمانہ، عہد
اودے	آغاز
پرچلن	پروپیگنڈہ
شبد	لفظ
ویاکرن	گرامر
جن سموہ	عوامی گروہ
سنسکرت بہل	سنسکرت زدہ
یدی	اگر

بہُلتا	زردگی
پرتیک	نشان
سموِیدھانک	آئینی
گھوشت	اعلان کیا گیا
گرہست	مبتلا
اکھوا	یا
جاتی سنسکاروں	اپنے فرقے کی
	رسم رواج
راج نیتی	سیاست
سوارتھ	غرض، مفاد مطلب
آندولن	تحریک
پرارمبھک	ابتدائی
سوہاردکی	کشادہ دلی
ویاپک	وسیع
پربھاشا	تعریف
سویکار	قبول کیا، مانا
اناتیکوں	رہنماؤں
دائتو	ذمہ داری
ہِت	مفاد

سمان	ایک سی
ناگرکتا	شہریت
ویکتی	فرد
ورگ	فرقہ
سمان	برابر
جیون	زندگی
اَوسر	موقع
پراپت	حاصل
سودھانکول	سہولت کے مطابق
مادھیم	وسطی
پردان	بخشا گیا تھا
بھاشائی	لسانی
استھائتو	جگہ، استحکام
پکش	حصہ
وِسمرت	بھول گئے
اَستھتا	استحکام
مانیتا پران کی	مان لی گئی، درجہ
	دیا گیا
واکیانش	فقرے

درشٹی	نظر
سنسکرتی	تہذیب
سویکار	مان لی ہوتی
وِگھٹن کاری	پیچیدہ، الجھن کی
سوئم	خود
راشٹریہ آندولن	قومی تحریک
پرتیک پرُوش	علمبردار
سدیو	ہمیشہ
پکش لیا	ساتھ دیا
سنکوچ	ہچکچاہٹ
وِبھاجن	تقسیم
تتوو وادیوں	احیاء پرستوں
ورتمان	زمانۂ حال
وِکرت	بڑھتا جاتا ہے
آدی	وغیرہ
انیک	مختلف
ستا پکش	اقتدار والوں
جنتا پکش	عوامی مفاد والوں
وشواس	اعتماد

دِگت پربھوستّا	پارٹی کی طاقت
نراکرن	فیصلہ
سمادھان	حل
سنچالن	چلانا
وِچتر	عجیب
ترک سنگت	بحث طلب
سوتنتر بھارتیہ سرکار	آزاد ہند کی سرکار
وِگیان	سائنس
درشایا	دکھایا
سمنوِت	ملے جلے
نشچے	یقیناً
شیش	باقی
راشٹریہ سوروپ	قومی شکل
جاتی گت	اپنے فرقے کی
گلانی	ملال
ہندو بہل	ہندو غلبے والی
سمنوے	ملاپ، امتزاج
اُپیوگی	مفید

سمشرت	ملی ہوئی
سنسکرت نِشٹھ	سنسکرت کے غلبے والی
پر تی بدھتاؤں	وابستگیوں
سرل	آسان
سمواد	مکالمے
سمبھو	ممکن
وِچارنیہ	قابل غور
پرکار	طرح
انوشاسن	ڈسپلن
بھِنّ مت	مختلف رائے والے
متانتروں	اختلاف رائے
روڑھیوں	روایات
نکاراتمک	منفی
بھاشک سونیہ	لسانی امتزاج
سکاراتمک	مجسم
تتھیہ	اصول، بات
آوشیک	ضروری

سامانیہ	معمول کے مطابق آسان
ابھی ویکتی	اظہار
سادھن	ذریعہ
جاتیہ اَسمِتا	فرقے کے احساس
واہک	ذریعہ
وِشواس	عقیدے، بھروسے
پریائے	وسیلہ
ادِھک	زیادہ تر
کلپنا	تصور، تخیل، خیالی
سنسکار	مزاج
سنستھا	ادارہ
ادھین	ماتحت
یوجنائیں	منصوبے
آستھا	دل جمعی
ویوستھا	بندوبست
نکٹ بھوشیہ	مستقبل قریب
عملدار	کام کرنے والے
سمکش	حمایت، روبرو

سروتم ادھن	اعلیٰ ترین ذریعہ
دیشج	دیسی
پرانتیہ	ریاستی
سماویش	ملاوٹ
اُداہرن	مثال
پرچلت	رائج
ویاپک	وسیع تر
پٹل	سطح
سویکرتی	منظوری
استھائی	مستقل
بھاشن	تقریر
آکرانت	حملہ آور

اتہاسکتا	تاریخیت
درشن	دیدار
پوتراستھل	مقدس مقام
ایکیہ	اتحاد، ایکہ
وِشے	موضوع
سمرتھکوں	حمایتوں
سرجناتمک	تخلیقی
پرکاشت	چھپے
سامانیہ	عام
اپرکاشت	غیر مطبوعہ
انوپلبھدھ	نایاب

بول چال کی زبان کی اہمیت

چنچل چوہان

بول چال کی زبان کی اہمیت کو ہمیشہ شاعروں اور لیکھکوں نے پہچانا، کیوں کہ ان کا سروکار اپنے من کی بات دوسروں تک پہنچانا رہا نہ کہ سرکاری فائلوں میں یا خط وکتابت میں ایک بناوٹی زبان لکھنا۔ شاعر اور لیکھک نے بول چال کی زبان سے اپنے موتی چنے اور اس زبان کو اپنے محاورے دے کر، کچھ نئے شبد دے کر آگے بھی بڑھایا۔ اِس طرح بھاشا کا وِکاس کرنے میں بھی رچنا کاروں اور دانشوروں کی ایک اہم بھومکا رہی۔ اگر ہم تاریخ پر نظر ڈالیں تو پائیں گے کہ ادب کے "کلاسیکل" دور میں زبان کو جکڑ بندی کا سامنا کرنا پڑا۔ گریک ساہتیہ میں یا اٹھارویں صدی کے یورپ کے ادب میں جب شاعری کے "نیَم" قانون رچنا پر حاوی ہو گئے تو بھاشا کا وِکاس بھی بند ہونے لگا۔ اِس جکڑ بندی کو توڑنے کا کام اُس وقت ممکن ہو پایا جب عوام نے راج شاہی کی جکڑ بندی کو فرانسیسی انقلاب سے توڑ پھینکا۔ بھاشا کا وِکاس بھی سماج

کے وِکاس سے جُڑا ہوا ہے، اس کی بہترین مثال ہمیں انگریزوں کے اٹھارویں صدی اور انیسویں صدی کے ساہتیہ کی تُلنا میں مِلتی ہے۔ قریب قریب اسی طرح کا سلسلہ ہم اپنے یہاں بھی ۱۹ویں صدی کے ادب میں دیکھ سکتے ہیں۔

۱۸ویں صدی کے انگریزی ساہتیہ میں (جسے نوکلاسیکل ساہتیہ بھی کہا جاتا ہے) انھیں نیموں اور قاعدوں کو اپنانے کی صلاح دی گئی تھی جو گریک ساہتیہ میں اپنائے گئے تھے۔ رچناؤں کی تھیم کے طور پر یا تو شہر کے تہذیب یافتہ لوگ ہوں یا راجے مہاراجے، شہزادے اور شہزادیاں، گاؤں دیہات کا کوئی کردار ساہتیہ کے لیے صحیح وِشئے نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لیے اس دور کی زبان بھی ایک خاص دائرے کی زبان بن کر رہ گئی تھی یہاں تک کہ شاعری کا چھند بھی "ہیروئک کپلٹ" تک ہی سمٹ کر رہ گیا تھا۔ یہ جکڑبندی تبھی ٹوٹی جب فرانس کی کرانتی نے یہ دکھا دیا کہ عوام میں راج شاہی کے مقابلے کہیں زیادہ قوت ہے۔ اِس کرانتی نے جو نعرے دیئے، اُن کا اثر پوری دنیا کے ادب پر پڑا۔ انسان اور انسان کے بیچ برابری، انسان کی آزادی اور انسان اور انسان کے بیچ بھائی چارے کی بھاؤنا نے ادیبوں اور دانشوروں کو بھی جھنجھوڑا اور اس حقیقت کو پہچانا جانے لگا کہ عام آدمی کی زبان ہی شاعری کی زبان ہونی چاہیے۔ اس طرح جمہوریت کے اصول اور جنوادی مولیہ جب وجود میں آئے تو بھاشا کے اس ذخیرے کی

اہمیت اور قدر سامنے آئی جو عام آدمی کی زبان میں چھپا ہوا تھا۔ انگریزی کوی ورڈس ورتھ نے تو "لیریکل بیلڈس" کی بھومکا میں صاف طور پر ہی کہہ دیا کہ کویتا کی بھاشا عام آدمی کی بول چال کی بھاشا ہی ہونی چاہیے کیوں کہ شاعر کوئی الگ انسان نہیں ہوتا، وہ تمام انسانوں کے بیچ ایک انسان ہی ہوتا ہے۔

اِس طرح کا سلسلہ ہمیں اپنے دیش میں بھی آزادی کی لڑائی کے دور میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ ۱۸۵۷ء کی پہلی لڑائی کے بعد سے ہی ادیبوں میں یہ احساس دیکھنے کو مل رہا تھا کہ بات ایک ایسی زبان میں کہی جائے جو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکے۔ برج بھاشا یا اودھی کا پھیلاؤ چند علاقوں تک ہی تھا، اِس لیے ان بھاشاؤں سے بھارت جیسے بڑے دیش کا کام چلتا نظر نہیں آرہا تھا اور دیش میں جو نئی نئی سرمایہ داری پیدا ہو رہی تھی اُس کی ضرورت ایک بڑی قومیت کی بھاوَنا پیدا کرنے کی تھی جس سے آزادی کی لڑائی بھی لڑنے میں سہولت ہوتی اور آزاد دیش میں ان کے لیے منڈی کو حاصل کرنے اور اس پر قبضہ کرنے کا ذریعہ بھی بنتی۔ اِس لیے اُس شروع شروع کے دور میں ایک نئی زبان جنم لے رہی تھی جسے ہندی۔ اردو ادب میں ہریش چندر اور حالی کی زبان کہا جا سکتا ہے۔ ہریش چندر برج بھاشا چھوڑ کر ہندی، اردو کی ملی جلی زبان میں شاعری اور ناٹک رچ رہے تھے اور ان کے وقت کے دوسرے ادیب بھی بول چال کی

زبان کا استعمال کر رہے تھے۔ یہی وہ زمانہ تھا جب ہندی گدّیہ (نثر) نے بھی ساہتیہ میں ایک جگہ بنائی اور اسی دور میں حقیقت پسندی کا بھی جنم ہوا۔ اب رادھا اور کرشن کے پریم کی جگہ دیش پریم نے لے لی تھی۔ ہریش چندر نے "بھارت دُردشا" ناٹک میں لکھا:

آؤ ہو سب مل روؤ ہو بھارت بھائی

بھارت دُردشا نہ دیکھی جائی

ہریش چندر نے ۱۹ ویں صدی کے آخری دنوں یعنی نویں دہشک تک ہندی کو جو محاورہ دیا وہ بول چال کی زبان کا ہی محاورہ تھا۔ اُن کے مرنے کے بعد یہ روایت جاری رہی۔ ۲۰ ویں صدی کے شروع کے دور میں جب ہمارے یہاں بھی فرانس کی کرانتی کی طرح نعرہ دیا گیا کہ "آزادی ہمارا پیدائشی حق ہے" تو اس نعرے کا اثر ادب اور بھاشا پر بھی پڑا۔ آزادی کے جو بھی پہلو ہو سکتے تھے وہ ہندی اور دوسری زبانوں کے ادب میں اپنی جھلک دکھا رہے تھے یہاں تک کہ پرتیکوں اور علامتوں تک میں آزادی کی آنچ سمائی ہوئی تھی۔ ہندی میں "چھایا واد" کے نام سے رومانی شاعری کا جو آندولن شروع ہوا، اس میں پرتیکوں اور علامتی بھاشا کا استعمال ہوا۔ مگر وہ پرتیک اور بمب آزادی کی بھاؤنا کا ہی اظہار کرنے والے تھے۔ مثلاً چڑیا، بادل، اندر دھنش، ہوا، سورج، چاند وغیرہ۔ یہ آسمانی علامتیں آدمی کے آزاد ہونے کی خواہش کو ہی کو سامنے لا رہے تھے۔ انگریزی کی رومانی شاعری میں

بھی اسی طرح کی امیجری آتی ہے کیوں کہ وہاں بھی سامنتی جکڑ بندی سے آزاد ہونے کی تڑپ کام کر رہی تھی۔ انگریزی ادب میں اس دور میں "چڑیا" پر سارے رومانی شاعروں نے نظمیں لکھی تھیں کیونکہ آزاد رہنے کی خواہش کا اظہار چڑیا کے بمب سے بہتر کس علامت سے ہوسکتا ہے "ہم بلبلیں ہیں اس کی" جیسی امیجری یا سمترا نندن پنت کی "بال وِہنگن" جیسی امیجری کے پیچھے آزادی ہی کی اَنو گونج تھی، آکاش چھوتے ہوئے ہمالیہ کا بمب ہندی کے رومانی کویوں میں اس دور میں ضرور آیا ہے۔ جے شنکر پرساد کی "کامایَنی" تو شروع ہی ہم گری "اُتنگ شکھر" سے ہوتی ہے۔ نرالا میں تم تُنگ ہمالیہ شرنگ اور میں چنچل گتی سُر سریتا کے روپ میں وہی امیج آتی ہے۔ مہادیوی میں "ہے مہان" کے روپ میں دکھائی دیتی ہے۔ اقبال کے مشہور ترانے میں بھی "ہمالیہ" آتا ہے۔ ہمالیہ سے بہتر راشٹریہ گورَو کا کوئی دوسرا پرتیک نہیں ہوسکتا تھا اسی لیے وہ ان سبھی کویوں اور شاعروں کے یہاں موجود ہے۔

ان سب کا حوالہ دینے کا مقصد یہ جاننا ہے کہ بھاشا کے وِکاس میں سماج کے وِکاس کا کیا رول ہے۔ آدِم سماج صرف اشارے کی بھاشا سے کام چلا لیتا ہے۔ ابھی بھی ہمارے دیش میں کئی جَن جاتیاں ہیں قبیلے ہیں جن کی بولی اتنی وِکست نہیں ہے کہ اسے "ڈائلکٹ" تک کا درجہ دیا جاسکے۔ سماج جیسے جیسے اُنّتی کرتا ہے پیداوار کے نئے نئے سادھن اور ٹیکنولوجی ایجاد کرتا ہے تو نئی تہذیب پیدا ہوتی ہے اور

نئی بھاشا کی ضرورت پڑتی ہے۔ آج کوئی کمپیوٹر کی زبان ویدوں میں ڈھونڈنے لگے تو مورکھ ہی کہا جائے گا (حالانکہ آج کے بیوقوفیوں بھرے دور میں یہ بالکل ممکن ہے کہ کوئی بھائی جی یہ دعویٰ کرنے لگیں کہ یہ زبان تو ہمارے یہاں ویدوں میں موجود تھی۔)

آزادی کے دور میں ہم جس بھاشا کا وِکاس کر رہے تھے جس کی نمائندگی منشی پریم چند کی رچنائیں کرتی ہیں وہ بھاشا آزادی کے بعد وِکسِت نہیں ہوئی۔ بھاشا پر سب سے بڑا حملہ فرقہ واریت کا ہوا جس کی وجہ سے ہندی، اردو علاقوں میں بھاشائی اَلگاؤ پیدا ہوا۔ اس میں دیش کے بٹوارے نے بھی اضافہ کیا۔ ریکھت ہندی میں سنسکرت کی ٹھونس ٹھانس شروع ہوئی اور اردو کو اسکولی پڑھائی سے ختم کر دیا گیا۔ ریکھت اردو میں بھی اَلگاؤ کی وجہ سے فارسی اور عربی کے الفاظ ٹھونسے جانے لگے اور دونوں بھاشائیں بول چال کی زبان نہ رہ کر کتابی زبانیں بن گئیں۔ ہندی کے ساتھ ایک حادثہ اور ہوا کہ اسے سمودھان میں راج بھاشا کا درجہ دے دیا گیا اور اسے انگریزی کی جگہ لینے کے لیے تیار کیا جانے لگا۔ اس پر کروڑوں روپئے خرچ کیے جانے لگے، ہر چیز کا ترجمہ کرنے کی تابڑ توڑ کوشش کی جانے لگی، اس کوشش میں جو سرکاری ہندی نکل کر آئی وہ انگریزی سے بھی زیادہ بدیشی ایکدم انجانی، اَن پہچانی اور پرائی پرائی سی بھاشا ہے، وہ کسی کے کام کی نہیں۔ کیندر سرکار کی رپورٹیں جو اس مری ہوئی زبان میں

چھپتی ہیں نہ کہیں پڑھی جاتی ہیں اور نہ ان کا کوئی حوالہ دیتا ہے، سارا کام کاج انگریزی میں ہو رہا ہے اور اسی انگریزی کا ترجمہ یا زور زبردستی کرایا گیا انوواد بھی پیش کر دیا جاتا ہے مگر اسے کوئی پڑھتا نہیں اور نہ وہ پڑھنے کے لائق ہوتا ہے۔ البتہ پیسہ پانی کی طرح ضرور بہایا جا رہا ہے۔

یہ صورت حال کیوں ہے؟ اسے جاننے کے لیے تھوڑا گہرائی میں اتر کر چیزوں کو دیکھنا ہوگا۔ اس دیش کی باگ ڈور جن طبقوں کے ہاتھ آئی وہ یورپ وغیرہ کے سرمایہ دار کی طرح جدید نہ ہو کر ایک طرف قدامت پسند قوتوں کو ساتھ لے کر چلے تو دوسری طرف سامراجی قوتوں سے بھی سمجھوتہ کرتے رہے۔ سامنتی طاقتوں کے ساتھ مل کر آج بھی جو نظام حکومت کر رہا ہے وہ جمہوریت پسند نہیں ہے اس لیے وہ جمہوریت کی نظر سے بھاشا کے سوال کو بھی نہیں دیکھ سکتا۔ اس نظام نے زبردستی کر کے ۱۹۶۵ء تک ہندی کو راج بھاشا بنا ڈالنے کی جگت بھڑائی۔ مگر نتیجہ الٹا ہوا، جگہ جگہ ہندی ورودھی آندولن اور دنگے شروع ہو گئے۔ غیر لوک تانترک نظریے کا ہی ایک قدم تھا اردو کی پڑھائی کا اُتّر پردیش میں خاتمہ۔ جمہوریت کے نظریے سے بھاشا کے سوال کو دیکھنے کا مطلب یہ ہے کہ سبھی بھاشاؤں کو برابری کا درجہ دینے اور دھیرے دھیرے عوام کے تجربوں سے ایک قومی زبان وکسِت ہونے دینا۔ ہندی اردو علاقوں سے

اردو کو ختم کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ آزادی کے بعد کی پیڑھیوں کو ایک بڑے بیش قیمتی ذخیرے سے محروم کر دیا گیا اور اس کی بھرپائی صدیوں پرانی سنسکرت شبداولی سے کی جانے لگی جو آج کے وقت کے لیے مری ہوئی ثابت ہوئی۔ آپ نہ مانیں تو کسی سرکاری گزٹ نوٹیفکیشن کو دیکھ لیں کہ اس کی بھاشا مری ہوئی ہے یا زندہ۔ ہمارا کام نہ تو عیسیٰ سے پہلے کی بھاشا سے چل سکتا ہے اور نہ انگریزی سے۔ سامراجی طاقتوں سے سمجھوتہ پرستی اور ٹیکنولوجی کے لیے ان پر نربھرتا کے چلتے ہمارے شاسک انگریزی نہیں چھوڑ سکتے، اس لیے سرکاری کام کاج میں انگریزی ہی چھائی ہوئی ہے۔ انگریزی جاننے والا ہی بڑا دانشور ہے سائنس داں ہے ٹیکنوکریٹ ہے اور سب کچھ ہے ایسے ماحول میں اگر قومی زبانیں پٹ رہی ہیں تو اس میں تعجب کی بات نہیں۔

دیش کی بھاشاؤں کو وکست کرنے کا کام اگر کوئی کر رہا ہے تو وہ ہے رچنا کار، خاص کر وہ رچنا کار جو جن وادی مولیوں اور جمہوریت کے نظریے سے جڑا ہوا ہے۔ کمیٹیڈ جسے اس دیش سے پیار ہے۔ یہاں کی دکھی اور شوست جنتا سے لگاؤ ہے اُن سے وہ بھاشا لیتا ہے، انھیں وہ بھاشا دیتا ہے اور وہ بھاشا ان کے کام آتی ہے وہ آج بھی گاتے ہیں کہ

سرفروشی کی تمنّا اب ہمارے دل میں ہے
دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے

یا پھر اس زورِ ظلم کے ٹکر میں سنگھرش ہمارا نعرہ ہے۔ بول چال کی

بھاشا میں ایسا بھی بہت ہے جو شوشکوں اور حکمرانوں نے سمَے سمَے پر عوام کو دیا ہے اس غلیظ کو رچنا کار نہیں اپناتا وہ تو اس سمندر میں سے موتی چُنتا ہے اور انھیں ہار بنا کر عام جنتا کی طرف پھینک دیتا ہے جس سے وہ اور اَدِھک سندر بن سکیں، اپنی بھاشا کو اپنے سنسکاروں کو اور زیادہ صاف ستھرا کر سکیں، بہتر انسان بن سکیں انسانی تہذیب کو نئی اونچائی دے سکیں۔

(ہندستانی پروجکٹ دہلی، کے جلسے میں پڑھا گیا)

نیَم	اصول	بھومِکا	رول
رچنا	تخلیق	دَشک	دہائی
وِکاس	ترقی	پرتیک	علامت
تُلنا	مقابلے میں	بمب	امیج
وِشے	موضوع	گورو	فخر
مُولیہ	اصولی	وِکِست	فروغ پذیر
		اَنوواد	ترجمہ

راشٹریہ ایکتا اور راشٹر بھاشا کی سمسیا

ڈاکٹر مال چندر نیمارڑے

یہ یقینی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ کسی بھی سموہ میں بھاشا کا تتو سویم پورن نہیں ہو سکتا، وہ دوسرے انیک تتوں کے ساتھ آنترک سمبندھ استھاپت کرتا ہے۔ اتہاسک، سانسکرتک، راج نیتک، سماج شاستریہ آدی سبھی سندربھ بھاشک دیوہار میں آپ ہی آپ محسوس ہوتے ہیں۔ اسی لیے بھاشائی سمسیا اٹھانے میں ہم اِس جیوت سمبندھ کو توڑ نہیں سکتے۔ سماجک بھاشا وگیانکوں نے یہ بھی سدھ کیا ہے کہ ایک بھاشک راشٹر ادھک سنگٹھت، ادھک گتی شیل، ادھک آدھونک اور ادھک سمردھ ہوتا ہے۔ اِس کی تُلنا میں بہو بھاشک راشٹر کرم پر گتی شیل، غریب، نرکشر، سمسیا گرست اور انوشاسن ہین ہوتا ہے۔ سموہ، سموہ میں سمپریشن کی درار رہنے کی وجہ سے پرتیگامی شکتیاں بڑھتی ہیں۔ پرتی آدمی اُورجا کا استعمال کم رہتا ہے اور سَروسادھارن تتھا آدھونکتا کی گتی دھیمی ہوتی ہے۔ یہ سچ ہے کہ آزادی کے بعد بھی ہندوستان کی جنتا میں پریورتن شیلتا گھٹتی

جا رہی ہے۔ اِس پر بحث کرنا سمے کا اَپ ویائے ہوگا۔

کسی راشٹر میں وِ وِدھ بھاشاؤں کے اَستِتو کا ہونا انوچِت گھٹنا نہیں ہے۔ لیکن بات یہ ہے کہ راشٹر کو اِدھک بل شالی بنانے کے لیے ایک راشٹر بھاشا کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ گاندھی جی نے صحیح کہا تھا کہ راشٹر بھاشا کے بِنا راشٹر گونگا ہے۔ لیکن اِس سے یہ دھارنا نہ بن جانی چاہیے کہ ہم بھاشک وِ وِدھتا کو بھُلا کر صرف بَل شالی راشٹر بنانے کے لیے فاسسٹ دھیئے اپنا کر باقی سبھی پرمپراؤں کو چھوڑ دیں۔ اصلی سَمَسّیا تو یہ ہے کہ کیا ہم ایسا کوئی راستہ ڈھونڈ سکتے ہیں، جو خاص ہمارا ہندستانی رہے۔ راشٹر بھاشا کے ایسے موڈل وِشو میں سُسوی ہوئے ہیں، پھر بھی ہمارا اور ایک نیا موڈل رہے گا جو ہماری پرمپرک وِ وِدھتا قایم رکھتے ہوئے بھی راشٹر بھاشا کی سَمَسّیا حل کر سکے۔ یہی بات اِدھک اِسپَشٹتا سے کہی جا سکتی ہے کہ ہماری بھاشا یوجنا میں صدیوں سے جتن کی ہوئی بھاشک وِ وِدھتا نَشٹ نہ ہو اور دوسری طرف ایک راشٹر بھاشا وِکسِت کرنے کی پرکریا چلتی ہے۔ اِن دونوں دھاؤں پر لکش رکھ کر ہی ہم کچھ پرگتی کر سکیں گے۔ یہ پرگتی دھیرا کے سے کرنے میں دھوکے ہیں۔ کوئی بھی لوکتانترک پرکریا دھیمی گتی سے ہی کامیابی حاصل کر سکتی ہے اِس پر بھی ہمیں وِشواس رکھنا ہے۔

ہندوستان وِشو میں ایسا ایک راشٹر ہے جس کو بھاشا وِگیانک

ایک اکھنڈ بھاشِک پرویش - (CONTINUOUS LINGUISTIC - TERRITORY) کہتے ہیں۔ اِس میں کہیں بھی ہر پچاس کلومیٹر کے اندر ہر آدمی دوسرے سے آسانی سے بات کر سکتا ہے۔ وہ سنسکرتی پیدل چلنے والوں نے رامیشورم سے پیشاور تک بھاشا کے وِنیمے پر وِکسِت کی ہے۔ قریب ۱۵۰ سالوں سے ریل گاڑی کے آنے کے بعد اس وِنیمے میں کچھ رکاوٹ آگئی اور آج ہوائی جہاز کا استعمال کرنے والوں نے یہ سمسیا اور مشکل کر دی ہے۔ یہاں ہر وانشک سموہ کسی دو یا تین بھاشاؤں کا پرتی دن استعمال کرتا ہے۔ اِس بہو بھاشکتا کے ساتھ جُڑے ہوئے بہو سانسکرتِک سندربھ بھی ہر سموہ نے پُراتن کال سے اپنائے ہوئے ہیں۔ بڑے بڑے جن سموہ دور دور تک استھاپنانترت ہو جانے پر بھی صدیوں سے اپنی اپنی مول بھاشا اور مول سنسکرتی گرو سے وِیوہار میں لاتے ہیں تامِل ناڈو کے مراٹھی بھاشک ۴۰۰ سال بعد بھی مراٹھی بھولے نہیں یا مہاراشٹر کے نِواسی مارواڑی راجستھانی سے ٹوٹے نہیں۔ اِس سے راشٹریہ تا کو کبھی بادھا نہیں پہنچی بلکہ اِس سے ہمارا راشٹر اتنا مضبوط ہوا ہے کہ کتنی بھی پرتیما شکتیوں کا دباؤ ہو، آکرمن (حملہ) ہو، ہمیشہ اکھنڈ سماج رہا ہے۔ اِس بنیادی بھومی تتو کو کسی بھی حالت میں ہم بھول نہیں سکتے۔ راشٹریہ ایکتا کے سندربھ میں اِس بھومی تتو کو سب سے زیادہ اہمیت دے کر ہی آگے قدم اُٹھایا جا سکتا ہے۔

اِس پری پیکش میں دیکھا جائے تو ہماری بھاشک سمردھی کا

اور وِ ودھتا کا منوہر درشن ہوتا ہے۔ ہمارے سَم وِدھان میں سوتل بھاشاؤں کا اَنتر بھاؤ ہے، اِس میں ابھی ابھی نیپالی اور کونکنی بھی سماوِشٹ ہو گئی ہے۔ ساہتیہ اکاڈمی نے ۲۲ بھاشاؤں کو بہت پہلے سے مانیتا دی ہے۔ اور ابھی ۱۰، ۱۲ بھاشاؤں کی مانیتا کے لیے آندولن چل رہے ہیں۔ جیسے میتھلی، راجستھانی، سنتھال وغیرہ۔ ۱۹۱۶ء کے خانے شماری کے مطابق پورے ہندوستان میں کُل ملاکر ۱۶۵۲ آزاد بھاشائیں بولی جاتی ہیں۔ اِن میں اِنڈو آریین کُل کی ۵۳۲، تبت وچینی کُل کی ۲۲۷، دراوِڑ کُل کی ۱۴۸، مُنڈا کُل کی ۵۳، اِتنی الگ الگ بھاشائیں ہیں۔ باقی اَورگی ورت (UNCLASSIFIED) ۱۰۶ بھاشائیں ہیں، جن کے بولنے والے چھوٹے چھوٹے سموہ پورے دیش بھر میں انڈمان سے لداخ تک بکھرے ہوئے ہیں۔ اِس کے باوجود ۸۲ ماتر بھاشائیں پردیشی کُلوں کی بھی موجود ہیں۔ سبھی ۲۵ راجیوں میں ایک بڑی بھاشا بولنے والا بہو سنکھیک سموہ کے علاوہ اَلپ سنکھیک بھاشائیں (MINORITY LANGUAGES) بولنے والے انیک سموہ چھوٹے بڑے پیمانے پر استِتو میں ہے۔ جیسے کیرل میں سب سے کم ۵ فیصد الپ سنکھیک بھاشائیں بولنے والے سموہ ہیں، تو ناگالینڈ میں سب سے زیادہ ۸۵ فیصد MINORITY LANGUAGE GROUP رہتے ہیں۔ اِس میں بھی ہر بھاشا میں آڑے کھڑے (HORIZONTAL) اور (VERTICAL)۔ بھید سب بھاشاؤں کی سیمائیں ادھوری کر دیتے ہیں۔ پرادیشک، ورگیہ، جاتیہ، ویاوسائک بولیاں

تو ہیں ہی، لیکن پڈار جکس، کِر یوکس اور اگر وڈتس، سب جگہ تیار ہوتی رہی ہیں۔ جس دیش میں موکھک سنسکرتی، بِکھت سنسکرتی سے اِدھک لوک پرئیے رہی ہے اُس میں یہ آبادی بڑھنا سوابھاوِک بات ہے۔ وِشو کے کسی بھی پردیش میں اِتنا کھُلا لوک تانترِک وِستار نہیں پایا جاتا جیسا اُتّری امریکہ اور دکھنی امریکہ۔ ہماری اُدار سنسکرتی کا یہ ثبوت کافی ہوگا۔ بِکھت بھاشاؤں کی طرف دیکھیں تو اُس میں بھی کم سے کم ۱۰ بڑی لپی وِستھائیں پائی جاتی ہیں:۔

۱۔ ناگری

۲۔ بنگلا، اسامیا، منی پوری

۳۔ تیلگو، کنّڑ ۔۔ ۴۔ اُڑیا ۔۔ ۵۔ تامل

۶۔ ملیالم ۔۔ ۷۔ گجراتی ۔۔ ۸۔ گورومکھی

۹۔ عرب ایرانی ۔۔ ۱۰۔ رومن، اور اِن کے علاوہ اور بھی انیک چھوٹی چھوٹی لپیاں استعمال ہوتی ہیں جیسے روپی، لڈا شاردا، ٹلو، گرنتھا، جاجنی، موڑی، وغیرہ۔

اگر کوئی کہے کہ اِتنی سینکڑوں بھاشائیں اور لپیاں راشٹریتا کے لیے 'NUISANCE' ہے، یہ سب 'UNECONOMIC' آبادی ہے یا اِتنی سنکھیا 'ABSURD' ہے تو وہ ہماری ایکتا کے دشمن ہوں گے۔ ایسی دھارنا سامراجیہ وادی تو ہے ہی۔ بھاشاؤں کی اور بولیوں کی آبادی

شرم کی بات نہیں ہے۔ بلکہ اکھنڈ بھاشک پردیش میں دو بنگال، دو تین پنجاب، دو کشمیر ہیں اور انیک بھاشا سموہوں کا DISPLACEMENT ہوتا رہا ہے۔

اگر ہم مان جائیں کہ یہ بھاشک وِودھتا ہی ہمارے راشٹر کا TEXTURE ہے تو یہی بھاشک سمپنّتا ہماری ایکتا کو کبھی بڑھنے نہیں دیں گی۔ بیس سال پہلے شاید اِس MULTILINGUALISM شا وِ نئے کا کچھ حد تک آٹک ہو سکتی تھی لیکن آج درشیہ اور مادھیموں کے وِستار سے سمپریشن بہت ہی آسان ہو گیا ہے۔ راشٹر کے کونے کونے کی گھٹنائیں ہم پہلے دیکھنا چاہیں گے، سننا بعد میں۔ راشٹر بھاشا کے بارے میں سوچتے وقت ہر سموہ کی سوایتتا ثابت رکھنا مستقبل میں اور بھی آسان رہے گا۔ اِس گر اسسٹ بھاشا وِودھتا سُرکشِت رکھنے میں نہ تو ہم کیول گاندھی جی کا پیار اَتّو ویوہار میں لائیں گے، لیکن چھوٹے چھوٹے سموہوں کی طرف مانوتا وادی درشٹی بھی رکھیں گے۔ یہ خاص ہندوستانی مانوتا واد ہے، وِشو کی اَنیہ راشٹر بھاشاؤں کے کچھ بھاشک نیو وجن ماڈل جنہیں LANGUAGE PLANNING میں اہمیت دی گئی ہے سنکشیپ میں اِس پرکار دکھائی دیتے ہیں:۔

۱۔ اگلو سیکسن ماڈل، جس میں ایک پربل ....

انگریزی بھاشا سموچے راشٹر پر لادی جاتی ہے۔ ایسے گریٹ برطین میں سکاٹش، ویلیس، آئیرش، گیلک، بریٹان، کارنش یا پھر

یونائیٹڈ اسٹیٹس میں سارے نیٹو انڈینس پر اور دنیا بھر کے سبھی اِمگریٹنس سختی سے ایک ماترا انگریزی میں ویوہار کرنا پڑتا ہے۔ آسٹریلیا نیوزی لینڈ، ساؤتھ افریقہ کی بھی اینگلو سیکسن سموہ بھومی پُتروں کی اپنی موں سنسکرتی ختم کرنے پر مجبور کر دیتا ہے۔

۲۔ دوسرا موڈل اسپینش کا۔ جہاں بھی اسپینش لوگ گئے وہاں اَنیہ بھاشاؤں کو انیک سنسکرتی کے ساتھ ختم کیا تھا۔ یہ دونوں ماڈل ہماری پراچین سا ہشنو سنسکرتی کے بنیادی تتّو کے بالکل وِرودھی ہیں۔

۳۔ بیلجیم، سوئٹزرلینڈ یا کینا ڈا کا موڈل۔ جہاں دو یا تین بھاشاؤں کو سمان راشٹر بھاشا کا درجہ دیا جاتا ہے۔ یہ ماڈل چھوٹے راشٹروں کے لیے اچھا ہے۔ ہماری اِتنی ساری بھاشاؤں کو سمان درجہ دینا ناممکن نہیں ہے لیکن اِس کے لیے جو آرتھک آدھار ضروری ہے وہ نزدیک کے بھوِشیہ میں بھی رہے گا۔

۴۔ ہبرو ماڈل۔ ایک پرانی سمردھ سانسکرتک بھاشا پر پتن پورک پھر سے ویوہار میں لانا۔ ہندوستان میں سنسکرت ایک اَتی یَنت سکشم بھاشا ہے، اس کا شبد سنگرہ اور بھی سردھ تتھانئے یُگ کا وَیگیانِک ارتھ بھار سنبھالنے میں سکشم ہے۔ وہ انیک یُگوں میں راشٹر بھاشا بھی رہی ہے لیکن سنسکرت کو جاگرت کرنا کال چکر الٹا گھمانے کے برابر ہوگا، کیونکہ وِشو کی سبھی آدھونک بھاشائیں لیٹن، گریک، ٹیوٹانک

سنسکرت آدی پراتن بھاشاؤں کی غلامی سے چھٹکارا پاکر آزاد ہوئی ہے اور پھر دراوِڑ تتھا مُنڈا آدی کُلوں کی بھاشاؤں کو یہ پریاپت ہوگا

۵۔ ایک کرتِرم بھاشا جیسے ESPERANTO, IDO OLAPUK یا OCCIDENTAL, INTERLINGUA, NOVIAL بھاشائیں کچھ حد تک کامیاب رہی ہے۔ ہندوستانی بھاشاؤں کا 'SYNTAX' ملتا جلتا ہے، شبد سنگھرہ کا بھی کافی ایک ہے۔ لیکن ہماری ایک کرتِرم بھاشا بنانے کا پریتن آج تک بھی نہیں ہوا ہے۔

۶۔ ایشین ماڈل۔ ایک بہو سنکھیک بڑے سموہ کی بھاشا انیہ سموہوں میں "دوسری بھاشا" (SECOND LANGUAGE) کا درجہ دے کر بڑھانا۔ اِس موڈل میں سب بھاشاؤں کی پرتِشٹھا سُرکشِت ہوتی ہے اور راشٹریہ اَستر کا وِنِمے آسانی سے ہو سکتا ہے۔ ہندوستان میں THREE-LANGUAGE۔ فارمولے میں ہندی کو یہ "دوسری بھاشا" کا درجہ سدھانتک طور پر دیا ہوا ہے لیکن انگریزی جو "تیسری بھاشا" وہ دوسری کا بھی کام کرنے لگی ہے۔ یہ گڑبڑ ایک تو ADMINISTRATIVE ECONOMY کے کارن ہوئی اور پھر سامراجیہ واد کا دھبّہ جو انگریزی پر لگنا چاہیے وہ ہندی پر لگایا گیا۔ ہندی کا "سیکنڈ لنگویج" کا دباؤ کم ہونے سے سبھی پرانتوں میں یہ موڈل ناکامیاب رہا۔ یہ استھیتی راشٹریہ ایکتا کے سندربھ میں نراشاجنک ہے۔ کیونکہ ایک راشٹر بھاشا

نہ ہونے کی وجہ سے ہماری راشٹریہ تا کا ایک بھاشِک ویکتی تتو نہیں بن پاتا۔

یہاں تک سنکشیپ میں راشٹر بھاشا کی پارشو بھومی کا وِویچن کیا۔ اب ہم پراپت پریستھیتی میں راشٹر بھاشا کا مستقبل طے کرنے کے مول وچار پر لوٹے۔

ہندوستان کے پورے اتہاس میں راشٹریہ سنرچنا کے چار پرمکھ بھاشا وِیئے اَستر، جو HIERARCHICAL سروپ میں پائے جاتے ہیں، آج تک چلے آتے نظر آتے ہیں، میں سنکشیپ میں اِس طرح پیش کیے جاسکتے ہیں:

۱۔ راشٹریہ یا انتر پرانتیہ اَستر پر سب سے اُوپر ایک اُدھر و بھاشا جسے میں نے اَنیہ تر supralanguage کہا ہے، استعمال کی جاتی ہے۔ جیسے پراچین یُگ میں سنسکرت عیسوی پہلے لگ بھگ سنہ ۳۰۰ تک۔ اِس کے بعد عیسوی پہلے سنہ ۳۰۰ سے عیسوی ۱۰۰۰ تک پراکرت چلی۔ اِس کے بعد پھر سے سنسکرت سنہ ۱۰۰۰ سے قریباً سنہ ۱۲۰۰ تک۔ اِس کے بعد سنہ ۱۲۰۰ سنہ سے سنہ ۱۸۰۰ تک فارسی اور پچھلے ۲۰۰ سالوں سے انگریزی جو اور کچھ سال رہے گی۔ اگر کوئی نئی راشٹر بھاشا آنی ہے تو اس کو انگریزی سے مقابلہ کرنا ہوگا۔ یہ سبھی اُدھر و بھاشائیں کسی بڑے سموہ کی ماتر بھاشائیں نہیں تھی، پھر بھی ہماری وِشال بکھورا جیسے GEOPOLITICAL راشٹریہ تا کی غرض اِن اُدھر و بھاشاؤں نے نبھائی ہے۔ شاید ہماری ہونے والی

راشٹر بھاشا بھی کسی ایک بڑے سموہ کی ماتر بھاشا نہیں ہو گی، یہ اتہاس کا انومان ہے۔

۲۔ دوسرا بھاشا اَستر الگ الگ پرانتیہ یا پرادیشک پرمان بھاشاؤں کا رہا ہے جیسے پشچم ہندوستان میں گجراتی اور مراٹھی، پورب میں بنگلا، دکھن کنڑ، تامل آدی، اُتر میں اردو، ہندی، یہ قریب ۱۴ بھاشائیں اُدھر و بھاشا کے نیچے اپنے اپنے پرانتک سنسکرتی کا مادھیم رہی ہے۔ یہ ساری پرمان بھاشائیں اپنی حد تک لکھت وساہتیک ویوہاروں میں بڑی کامیاب رہیں۔

۳۔ تیسرا بھاشا اَستر ہمارے اَن گنت چھوٹے چھوٹے گرامنی سموہوں کی اُپ بھاشاؤں کا ہے، جنھیں ہم بولیاں کہتے ہیں۔ جیسے مہاراشٹر کا اُدھر و بھاشا سنسکرت، پراکرت، فارسی یا انگریزی تتھا پرمان لکھت بھاشا مراٹھی کے نیچے خان دیشی، پہاڑی، کونکنی وغیرہ قریباً ۱۰ بولیاں آج بھی استِتو میں ہیں۔ اِن میں انیک آدی واسی، بنواسی، جاتی واچک یا ویوسائے واچک بولیاں تتھا مشر بھاشائیں بھی سماوِشٹ ہیں۔

۴۔ اِس وِشال بھاشا ویوہار میں اور ایک بیما ورتی بھاشا اَستر نظر آتا ہے۔ وہ ہے سمپرک بھاشا یا جوڑ بھاشا کا۔ جہاں چھوٹے چھوٹے سموہ اُدھر و اَستر کی راشٹریہ بھاشا استعمال نہیں کر پاتے وہاں سمپرک بھاشائیں سوا بھاوِکتا سے انتر سموہ وِنیے پورا کر لیتی ہے۔ جیسے دھارواڑ، اُتر کرناٹک، گووا، دکھن مدھیہ پردیش، اِندور، مالوہ، رائے پور تک گرامین اساکشر

سموہوں میں مراٹھی LINK لنگویج کا کام کرتی ہے اور اردو زبان تو سارے دیش کے کونے کونے تک سمپرک بھاشا کا کام کرتی ہے۔ سچ کہا جائے تو جہاں ہندی کو لوگ جانتے نہیں وہاں اردو ہماری سمپرک بھاشا ہے۔

اصل میں یہ سب سمپرک بھاشائیں ہماری راشٹر بھاشائیں ہیں۔ یہ ہماری راشٹریہ وِنجے کا بہت سا بوجھ اُٹھاتی رہی ہیں۔ اگر ہندی کو سکشم راشٹر بھاشا بننا ہے تو اسے اِن ساری سمپرک بھاشاؤں کو ساتھ لے کر کام کرنا ہوگا۔ خاص بات تو یہ ہے کہ اردو کی ساتھ ہندی نے چھوڑا تو اس کی اہمیت کبھی نہیں بڑھے گی، کیوں کہ ہندوستان میں ہندی، اردو لکھ کر بولنے والوں کی سنکھیا ۴۶ فیصد ہے۔ اِن دونوں بھاشاؤں کا ملاپ راشٹر بھاشا کی سَمَسیا حل کرنے میں بہت ضروری ہے۔ اِن دونوں لپی کا چکر مِٹنا، ہندی کا سنسکرت پن کم ہونا، دونوں کی ترقی کے لیے ضروری شرطیں ہیں۔ اگر یہ حاصل نہیں ہوا تو ہندوستانی کا وِستار نامکن ہے اور ہندستانی راشٹر بھاشا بننا تو اور بھی مشکل رہے گا۔

اب سارانش میں ہم بھلی بھانتی کہہ سکتے ہیں کہ جو بھاشا انگریزی کو ہٹانے میں سمرتھ رہے گی اسی کو راشٹر بھاشا کا استھان مل سکے گا اور اردو، ہندی ایک ہونے سے، یعنی ہندستانی کا وِستار ہونے سے راشٹر بھاشا سَمَسیا حل ہو سکتی ہے۔ آج کی پرستھیتی یہ صاف

روپ سے بتاتی ہے کہ ہمارے راشٹریہ ویوہار خاص کر اونچی شکشا، پالیسی میکنگ، وِگیان اور تکنیکی، سنرکشن، قانون، جرنلزم اور ایڈمنسٹریشن وغیرہ، جو انگریزی میں ہی چلتے ہیں وہ ہندی کے قابو میں جانا چاہیئے۔

انگریزی کو اِن چھیتروں سے ہٹانا اِس لیے مشکل ہے کہ وہ سبھی ہندوستانیوں کو EQUALLY DISADVANTAGEOUS سمان روپ سے بادھک ہے۔ اِن سموہوں کو سمان انیائے دیتی ہے، یہی اُس کا RAISON DE LTRE استتو کا ایک کارن ہے۔

انگریزی نہ ہٹنے کی اور بھی ایک وجہ ہے جیسے نہ بتانا ستیہ کا اَپلاپ ہوگا۔ وہ وجہ ہے اس کا انتر راشٹریہ درجہ۔ جب تک اس کا یہ درجہ قایم رہے گا تب تک ہمیں اپنی ہار تسلیم کرتے ہوئے بھی لڑتے رہنا ہوگا۔ اِس کا ایک علاج ہو سکتا ہے۔ وہ ہے ہندی کو انتر راشٹریہ اہمیت حاصل کرنے کی سبھی کوششیں ہونی چاہئیں۔ انگریزی کو دستیاب سبھی فائدے ہندی کو اور ہندی کی مدد جو دوسرے سمپرک بھاشائیں ہیں اُن کو بھی ملنے چاہئیں۔ یہ بٹوارہ آپسی سامنجسیہ GOOD WILL سے ہونا ضروری ہے، نہیں تو پھر ہندی کے پرسار میں رکاوٹ آجائے گی۔ ہمارا بھاشک نیوجن اِس دِشا میں بڑھنا چاہیئے جہاں راشٹریہ اَستر پر انگریزی کے فائدے سبھی کو ملیں اور انتر راشٹریہ اَستر پر ہندی کی اہمیت بڑھے۔

آج دنیا کی چھ بڑی بھاشائیں یو این او کی عام سبھا میں استعمال کی جاتی ہیں۔ وہ یہ ہیں:۔

۱۔ انگریزی ۲۔ فرانسیسی

۳۔ روسی ۴۔ اسپینی

۵۔ چینی اور ۶۔ عربی

دِیئے کے لیے انیہ بھاشاؤں کو یو این او میں استھان نہیں۔ دنیا میں ہندی کا درجہ ۱۰ ویں نمبر پر، تو مراٹھی کا ۱۱ ویں نمبر پر ہے۔ جن کارنوں پر بھاشا کا وِیشوِک استھان مقرر کیا جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

۱۔	بولنے والوں کی تعداد	۲۵ فیصد
۲۔	جغرافیائی پھیلاؤ	۱۳ فیصد
۳۔	اُدھیوگک شمتا	۱۳ فیصد
۴۔	تجارت کا درجہ	۱۲ فیصد
۵۔	وَیگیانِک درجہ	۱۲ فیصد
۶۔	سانسکِرتک درجہ	۱۰ فیصد
۷۔	ساکشرتا	۸ فیصد
۸۔	فوجی ،سیاسی طاقت	۷ فیصد

اِس سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ تتو نمبر ۱۔ NUMBER OF SPEAKERS ۱ اور نمبر ۲: (GEOGRAPHICAL SPREAD) ہندی کے پکش

میں بھاری ہے۔ نمبر ۸ :۔ (MILITARY & POLITICAL STRENGTH) بھی ہندوستان کے انیہ بھاشاؤں کی طرف سے ہندی کے پکش میں رہے گا۔ لیکن باقی سارے تتو (INDUSTRIAL STATUS, CULTURAL اور SCIENTIFIC STATUS, COMMERCIAL STATUS STATUS) آج ہندی کے خلاف ہیں۔ نمبر ۷ :۔ (LITERCY) تو ہندی بولنے والوں میں ہندوستان کی دوسری بھاشاؤں کے مقابلے میں کم ہے۔ ہندی کو انگریزی کے مقابل بننا مستقبل میں بھی مشکل ہے۔ یہ ہماری ایکتا کو ایک خطرناک چنوتی ہے۔

(۵ ردسمبر ۱۹۹۲ء کو ہندستانی پرچار سبھا بمبئی کی گولڈن جبلی کے موقع پر پڑھا گیا۔)

سموہ	گروہ	سندربھ	سیاق
تتو	اصل	دیوہار	استعمال
سویم پورن	خودکفیل	بھاشا وگیانکوں	ماہرین لسانیات

پرگتی شیل	ترقی پسند
نِرکشر	غیر تعلیم یافتہ
سَمَسیا گرست	سوالوں سے گھرا ہوا
انوشاسن ہین	ڈسپلن کے بغیر
سمپریشن	نفاق، تفریق
پرتیگامی	رجعت پسند
شکتی	طاقت
پرتی	ہر ایک
اُورجا	توانائی

سَروسادَھارنتہ = عام .

آدھونکتا	جدیدیت
گتی	رفتار
پرِوَرتن شیلتا	تبدیلی کی خواہش
وِوِدھ	مختلف
اَستِتو	وجود
اَنوچِت	نامناسب
ادھِک بَل شالی	زیادہ طاقتور
دھارنا	میلان
وِوِدھتا	رنگارنگی

وِشو	دنیا
یشسوی	معتبر، مشہور
پرمپرک	روایتی
سپشٹتا	وضاحت
وِکست	فروغ
پرکریا	عمل
وِدھاؤں	طریقے، اصناف
لوک تانترک	جمہوری
وِنمے	اتصال
وانشِک	خاندان کا
بہو بھاشکتا	کثیر اللسانی
پراتن	قدیم
گورُو	فخر
بادھا	دھکا، رکاوٹ
سمردھی	تموّل
استھاپناترت	استحکام
پری پیکش	پس منظر
منوہر درشن	جلوہ نمائی
انتر بھاؤ	اندرونی فرق

سماوِشٹ	شامل	سمردھ	متمول
کُل	خاندان	اَرتی یَنت	نہایت
مَوکھک	زبانی	شبدسنگرہ	ذخیرۂ الفاظ
سوابھاوِک	قدرتی	سردھ	بھرا پُرا
وِستار	پھیلاؤ	وَیگیانِک	سائنس داں
ووستھا	انتظام	ارتھ بھار	معنوں کا بار
سواتیرتا	انحصار	سکشم	توانا، موثر
سُرکِشت	محفوظ	پریائے	شاید
مانوتاوادی	انسان دوست	کرتیرم	عملی
سنکشِپ	مختصراً	پریتن	کوشش
ایک ماتر	تنہا	سِدھانتک	اصولی
مُول	خاص	نراشا جنک	مایوس کُن
ورودھی	مخالف	ویکتی تو	انفرادیت
سا ہشنو	روادار	پرستیھتی	حالت

گاندھی کا بھاشا وِشیک سوچ

ڈاکٹر تربھُوون رائے

گاندھی جی آدھونک بھارت کے مہانتم رِشی تھے۔ رِشی اِس لیے کہ وہ کرانتی درشی تھے۔ ورتمان کی سَمسیاؤں سے ٹکراتے ہوئے وہ نہ بیتے ہوئے کل کی اُپیکشا کرتے تھے، اور نہ آنے والے کل کی۔ اُن کی نگاہیں ورتمان کے ساتھ ساتھ اَتیت اور اناگت دونوں پر سمان روپ سے ٹکی ہوتی ہیں۔ موجودہ آج کی کسی چنوتی کا سامنا کرتے ہوئے یہی کارن ہے، وہ کسی سرلی کرت تاتکالک سمادھان کی ہڑبڑی میں دکھائی نہیں دیتے ہیں۔ اِس کے وِپریت وہ سَمسیا کی تہہ تک پہنچ کر اُس کے کسی سُوچِنتِت اَستھائی سمادھان کی دِشا کے وِشواسی اِبوَم اَگرہی تھے۔ یدی کوئی راہ اُنھیں ٹھیک جچتی ہے، کوئی حل اُنھیں اُپیوکت پرتیت ہوتا ہے تو وہ اُس پر ٹِکتے ہیں، ستیہ کے درہڑ سادھک کے روپ میں اُس پر آگے بڑھتے ہیں، اس کی پرواہ کیے بِنا بہومت کس اور ہے، کل اُن کے پریاس کی پرِنتی کیا ہوگی ؟ سوادھینتا

سنگرام کے دوران بھارت کی بھاشا سمسیا کے سندربھ میں وِکسِت اُن کے سوچ میں بھی یہ پرِورتن صاف صاف دکھائی دیتی ہے۔

سبھی جانتے ہیں گاندھی جی کی مانیتاؤں کا گھوشنا پتر ۱۹۰۸ء میں پرکاشت ان کی پُستک "ہند سوراج" ہے۔ جس پرکار اُن کے راج نیتک سامادِک اَیوَم سانسکرِتک چِنتن کا مول روپ اُن کی اِس پُستک میں دیکھ پڑتا ہے، اُسی پرکار اُن کے بھاشا وِشیک سوچ کا بیج روپ بھی یہاں مل جاتا ہے۔ پُستک کے بھِنّ اَنوچھید میں انھوں نے لکھا ہے :-

"ہر ایک پڑھے لکھے ہندوستانی کو اپنی بھاشا کا، ہندو کو سنسکرت کا، مسلمان کو عربی کا، پارسی کو پرشین کا اور سب کو ہندی کا گیان ہونا چاہیے۔ کچھ ہندوؤں کو عربی اور مسلمانوں اور پارسیوں کو سنسکرت سیکھنی چاہیے اسے اردو یا ناگری میں لکھنے کی چھوٹ رہنی چاہیے۔ ہندو مسلمانوں کے وِچاروں کو ٹھیک رکھنے کے لیے بہتیرے ہندوستانیوں کو دونوں لپیوں کا جاننا ضروری ہے۔ ایسا ہونے پر ہم اپنے آپس کے ویوہار میں سے انگریزی کو نکال باہر کر سکیں۔"

("ہند وسوراج" پرِشٹ ۱۲۴)

ظاہر ہے، بھاشا کے سوال پر بھارت کے اپنے سندربھ میں گاندھی جی تین باتیں بہت ضروری مانتے ہیں :

۱۔ پرتی ایک بھارت واسی اپنی ماتر بھاشا کے ساتھ ہندی کو ضرور

سیکھے۔ ۲۔ دیش کے لوگوں کو اَنیہ بھاشاؤں کا گیان بھی پراپت کرنا
چاہیے مسلمانوں اور پارسیوں کے لیے اگر سنسکرت کی جانکاری
اُپیوگی ہے تو ہندوؤں کے لیے عربی، فارسی کی اسی طرح اُتّر
بھارت کے لوگوں کے لیے دکھنی بھارت کی بھاشاؤں کی جانکاری۔

۳۔ جہاں تک لپی کا سوال ہے اردو یا ناگری دونوں کے اُپیوگ
کی چھوٹ ہونی چاہیے۔ کارن کہ اِس سے وچار پرمپرا کو ٹھیک
رکھنے میں مدد ملے گی۔

پرشن اُٹھتا ہے کہ دکھنی افریقہ سے بھارت لوٹنے (۱۹۱۵ء) اور
آزادی کی لڑائی کا نیتر تو (کمان) سنبھالنے سے پہلے سے ہی گاندھی
جی دیش کے ناگرکوں کے لیے ایک سے ادِھک بھاشاؤں کو سیکھنے پر
کیوں بل دیتے ہیں؟ پھر لپی کے دھراتل پر دیوناگری اور اردو دونوں
کے پرچلن کی چھوٹ کیوں مانگتے ہیں؟ اس کا ایک اُتّر تو اُپیوکت
انوچھید کے اَنتم واکیہ میں مل جاتا ہے، جس میں انگریزی کے باہر
نکالنے کی بات کہی گئی ہے۔ یعنی انگریزی کو اگر اپنے آپس کے ویوہار
سے نکال باہر کرنا ہے تو ایسے قدم اُٹھانے ہی ہوں گے۔ پھر پرشن
اٹھتا ہے کہ گاندھی جی کی آخر انگریزی کو باہر نکالنے کی اتنی چنتا کیوں
ستا رہی تھی؟ انگریزی کے تو وہ اچھے خاصے جانکار، لیکھک اور وِدوان
تھے۔ پھر کیا انگریزی کو نکال باہر کرنے کے لیے ہی وہ ماتر بھاشا ہندی
کی جانکاری پر اتنا بل دیتے ہیں۔ انگریزی کو نکال باہر کرنے کے بھرم

اور اس سے جُڑے اَنیا نے سوالوں کا جواب پانے کے لیے گاندھی جی کے بھاشا وِشَیک چنتن اَیُوَم اس سے جُڑے ان کے کاریوں کی پڑتال ضروری ہے۔

• گاندھی جی جب انگریزی کو نکال باہر کرنے کی بات کرتے ہیں تب نشچے ہی وہ اسے اِس دیش کے لیے سب سے ادھک گھاتک مانتے ہیں۔ مزے کی بات تو یہ ہے کہ انگریزی کے خلاف اپنی دوٹوک بات وہ تب دنیا کے سامنے رکھتے ہیں جب انگریز مہاپربھوؤں کی ستّا کا سورج لگ بھگ پوری دنیا میں تپ رہا تھا اور جب اِس دیش کے انگریز بھکت انگریزی کے بنا اِس دیش کے دو قدم آگے بڑھنے کی بھی کلپنا نہیں کر سکتے تھے۔ ایسا نہیں کہ آزادی کے بعد اس سوچ میں کمی آئی ہے۔ بھارت کے بھاشا سنکٹ پر وچار کرنے والے کتنے ہی سونام دھنیہ ویکتیوں نے آزادی کے بعد بھی انگریزی کی پُرزور وکالت کی ہے۔ اِن کے وِچار میں دیش کی ایکتا اور پرگتی کے لیے جیسے آزادی کے پہلے انگریزی ضروری تھی ویسے ہی اُس کے بعد آج بھی ضروری ہے۔ یہ لوگ یہ بھول جاتے ہیں کہ انگریزی کے وَیوستھِت پرسار کے صدیوں پہلے سے ہی سنسکرت کے بعد ہندی نے اس دیش کو جوڑنے کا کام کیا ہے۔ پرمان کے روپ میں اگر سنتوں اور بھکتوں کی بات چھوڑ بھی دیں تو بھی انگریز آقاؤں کی بات پر تو اِنھیں یقین کرنا ہی چاہیے اس سندربھ میں ۲۹ اگست ۱۸۰۶ء کو دِلّی کے اسسٹنٹ ریزیڈنٹ

بیٹکاف ڈواراا اپنے ہندوستانی کے شکشک گل کرسٹ کے نام لکھے گئے پتر کی پرستت پنکتیوں کی اور وِدوان شروتاؤں کا دھیان آکرشت کرنا بیجا نہ ہوگا۔

"بھارت کے جس بھاگ میں مجھے کام کرنا پڑا ہے، کلکتے سے لے کر لاہور تک، کمایوں کے پہاڑوں سے نرمدا تک، افغانوں، مراٹھوں راجپوتوں، جاٹوں، سکھوں اور پردیشوں کے سبھی قبیلوں میں جہاں میں نے یاترا کی ہے، میں نے اُس بھاشا کا عام وو ہار دیکھا ہے جس کی شکشا آپ نے مجھے دی تھی۔ اپنے انوبھوا اور دوسروں سے سُنی ہوئی باتوں کے بل پر میں کنیا کماری سے کشمیر تک اور سندھو کے دہانے تک اس وشواس سے یاترا کرنے کی ہمت کر سکتا ہوں کہ مجھے ہر جگہ ایسے لوگ مل جائیں گے جو ہندستانی بولتے ہوں۔"

(جے۔ وی۔ گل کرسٹ، اے۔ واکے وولری،
ہندوستانی اینڈ انگلش ایڈمبرا میں اُدھرت
راشٹر بھاشا کی سمسیا۔ ڈاکٹر رام ولاس شرما۔ ص۲۸۵)

ہندی اتھوا ہندوستانی کے سمبندھ میں جس سچ کو میٹکاف نے اپنے اُکت پتر میں ویکت کیا ہے، اسے آدھونک بھارت کے نیتا میں سب سے پہلے اگر کسی نے محسوس کیا تو وہ گاندھی جی ہی تھے اور ایسا انھوں نے نی سندیہہ کیول اپنے انوبھو کے آدھار پر کیا تھا۔ دکھنی افریقہ کے اپنے پرواس کال میں گاندھی جی نے دیکھا تھا، وہاں ہندی، گجراتی، تامل،

تیلگو آدی بھاشائیں بولنے والے آپسی ووہار کے لیے ہندی کا ہی استعمال کرتے ہیں۔ وہاں انھیں اس ستیہ کا بھی ساکشاتکار ہوا تھا کہ بھارت کے وِبھن بھاشا بھاشی ہی نہیں، وَرَن تامل، تیلگو بولنے والے دکھنی بھاشی لوگ بھی آپسی سمپرک کے لیے ہندی کا استعمال کرتے ہیں۔ بھارت بھر مِن وِشیشکر دکھن کی یاتراؤں میں انھیں اِس کی پُشٹی بھی ہوئی تھی۔ انھوں نے اِس سمبندھ میں لکھا ہے "یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ مدراس میں انگریزی کے بنا کام نہیں چل سکتا۔ میں نے اپنے سارے کاموں کے لیے وہاں سپھلتا پوروک ہندی کا ووہار کیا ہے۔ میں نے ریل میں مدراسی مسافروں کو ہندی میں بات کرتے سُنا ہے"۔

THOUGHTS ON NATIONAL LANGUAGE, PAGE-5

اِسی کے ساتھ ہندی کی ویاپکتا کے سمبندھ میں گاندھی جی کا یہ کتھن اُلیکھنیہ ہے کہ "اُتّر بھارت کا جو بھیّا بمبئی کے سیٹھ کے یہاں دربان گیری کرتا ہے وہ گجراتی نہیں بولتا، اُس کا مالک سیٹھ ہی مجبور ہو کر اُس سے ٹوٹی پھوٹی ہندی میں بات چیت کرتا ہے"۔ (ایضاً۔ ص ٦)

یہی استھیتی کلکتہ آدی دیش کے اَنیک جہانگروں کی ہے جہاں ہندی بھاشی مزدور کام کرتے ہیں۔ اِسے گاندھی جی نے دیکھا ہو، ایسا نہیں اَتْ ایوَم اُکت کتھن نے گاندھی جی نے پرکارانتر سے بھاشا وَیگیانِک سچ کو ہی پرکٹ کیا ہے کہ ہندی کے دیش ویاپی پرچار پرسار کا شریہ روزی روٹی کی تلاش میں دیش کے سُدور چھیتروں میں

بسنے والے اُن کروڑوں مزدوروں کو جاتا ہے جنھیں سامانیتیا اَن پڑھ اور گنوار سمجھا جاتا ہے۔ پر جو اپنی بولی بانی اور اس کے مادھیم سے اپنی سانسکرتک چھاپ انجانے انایاس دوسرے چھیتروں پر چھوڑتے چلتے ہیں۔

گاندھی جی نے انگریزی کے اُپاسکوں کو آگاہ کرتے ہوئے انیک بار، انیک استھانوں پر دوٹوک شبدوں میں یہ کہا ہے کہ ہندی اتھوا ہندستانی ہی دیش کی سمپرک اتھوا راشٹر بھاشا ہو سکتی ہے۔ انگریزی لاکھ کوشش کرنے پر بھی اس جگہ کی حقدار نہیں ہو سکتی۔ ہندی ساہتیہ سمیلن کے ۱۹۱۸ء والے ادھیویشن کے سبھاپتی پد سے انھوں نے کہا تھا "اگر آپ کی درشٹی مریادا اُتر میں شری نگر سے دکھن میں کنیاکماری تک اور پشچم میں کراچی سے ڈبروگڑھ تک پہنچتی ہو اور اتنی پہنچنی بھی چاہیے تو اس کے لیے آپ کے پاس ہندی کو چھوڑ کر اور کوئی سادھن نہیں۔ میں آپ کو سمجھا چکا ہوں کہ انگریزی ہماری راشٹر بھاشا نہیں بن سکتی۔"

(گاندھی جی کی شریشٹ شکشا پر د بھاشا، ص۲۱)

گاندھی جی صاف طور پر دیکھ رہے تھے کہ راجہ رام موہن رائے کی اُس بھوشیئے وانی کا ساتھ نہیں دے رہا کہ بھارت ایک دن انگریزی بھاشی دیش ہو جائے گا۔ یدّپی اس بات کو وہ بھلی بھانتی جانتے تھے کہ "اُس جہان سماج سدھارک کا بھوت اب بھی کچھ لوگوں پر سوار ہے تبھی تو کچھ پرسدھ آدمی بہت جلدی یہ فیصلہ دے دیتے ہیں کہ راشٹر کی

سمپرک بھاشا انگریزی ہوگی۔"

(THOUGHTS ON NATIONAL LANGUAGE, PAGE-17.)

۶ فروری ۱۹۱۶ء کو بنارس ہندو وِشو وِدّیالیہ میں بولتے ہوئے "وِدّیا بیٹھ کے پراگن میں اپنے ہی دیش واسیوں سے ایک ودیشی بھاشا میں بولنا پڑ رہا ہے، وہ بڑی اَپرِشٹھا اور شرم کی بات ہے..... میں گت دسمبر میں راشٹریہ مہاسبھا کے ادھیویشن میں موجود تھا۔ وہاں بہت ادھک تعداد میں لوگ اِکٹھا ہوئے تھے۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ بمبئی کے وہ تمام شروتا (سننے والے) کیول اُن بھاشاؤں سے پربھاوِت (متاثر) ہوئے جو ہندی میں دیئے گئے تھے....... مجھے آشا ہے کہ اِس وِشو وِدّیالیہ میں وِدّیارتھیوں کو اپنی ماتر بھاشا کے مادھیم سے شکشا دینے کا پربندھ کیا جائے گا......... یدی آپ مجھ سے یہ کہیں کہ ہماری بھاشاؤں میں اُتّم وِچار ابھی وَیکت کیے ہی نہیں جا سکتے، تب تو ہمارا سنسار سے اُٹھ جانا اچھا ہے۔ کیا کوئی وَیکتی سوپن (خواب) میں بھی یہ سوچ سکتا ہے کہ انگریزی بھوشیہ میں کسی بھی دن بھارت کی راشٹر بھاشا ہو سکتی ہے؟"

(س۔ گ۔ و۔ کھنڈ ۱۳۔ ص ۲۱۲)

مئی ۱۹۱۷ء میں پرکاشت اپنے ایک چھوٹے سے نبندھ میں گاندھی جی نے زور دے کر یہ کہا تھا کہ "ہندی ہی ہندوستان کے شکشِت سموداۓ کی سامانیہ بھاشا ہو سکتی ہے، یہ بات نِروِواد سِدھ ہے۔ یہ

کیسے ہو، کیوں یہی وِچار کرنا ہے۔ جس استھان کو انگریزی بھاشا آج کل لینے کا پریتن (کوشش) کر رہی ہے اور جسے لینا چاہتی اُس کے لیے اسمبھو (ناممکن) ہے وہی استھان ہندی کو ملنا چاہیے کیونکہ ہندی کا اُس پر پورا ادھیکار ہے۔ یہ استھان انگریزی کو نہیں مل سکتا کیونکہ وہ وِدیشی بھاشا ہے اور ہمارے لیے بڑی کٹھن ہے۔ انگریزی کی اَپیکشا ہندی سیکھنی بہت سَرل ہے۔ بنگلا، بہاری، اُڑیا، گجراتی، مراٹھی، راجستھانی، پنجابی اور سندھی ہندی کی بہنیں ہیں۔ اُکت بھاشاؤں کو بولنے والے تھوڑی بہت ہندی سمجھ تتھا بول لیتے ہیں۔ اِن سب کو ملانے سے سنکھیا پرائے ۲۲ کروڑ ہو جاتی ہے جس بھاشا کا اِتنا پرچار ہے اُس کی برابری کرنے کے لیے انگریزی، جسے ایک لاکھ ہندوستانی بھی ٹھیک ٹھیک بول نہیں سکتے کیوں کر سمرتھ ہو سکتی ہے؟"

(س۔ گ۔ و ۱۳۔ ص۲۲۴)

انگریزی بھارت کی راشٹر بھاشا کیوں نہیں ہو سکتی؟ اِس پرشن کو اُٹھاتے ہوئے گاندھی جی نے دُوتیہ گجرات شکشا سمیلن (بھڑوچ) کے ادھیکش پَد سے ۲۰ اکتوبر ۱۹۱۷ء کو کہا تھا:

"تو راشٹر بھاشا کے کیا لکشن ہونے چاہئیں؟ اِس پر وِچار کریں:"

سُوتر رُوپ میں راشٹر بھاشا کے لکشنوں کو رکھتے ہوئے انھوں نے آگے کہا تھا:

۱۔ عمل داروں کے لیے وہ بھاشا سرل ہونی چاہیے۔
۲۔ اُس بھاشا کے دوارہ بھارت ورش کی آپسی، دھارمک، آرتھک، اور راج نیتک ویوہار ہو سکنا چاہیے۔
۳۔ یہ ضروری ہے کہ بھارت ورش کے بہت سے لوگ اُس بھاشا کو بولتے ہوں۔
۴۔ اُس بھاشا کا وِچار کرتے سَمے کسی شرِینک یا اَلپستھائی اِستھیتی پر زور نہیں دینا چاہیے۔

اِن لکشنوں پر وِستار سے چرچا کرتے ہوئے انھوں نے تین مہتو پورن باتیں کہیں تھیں۔ ایک انگریزی بھاشا میں ان میں سے ایک بھی لکشن نہیں ہے۔ دو انگریزی کو راشٹر بھاشا بنانا کرے ترِم وِشو بھاشا "اِسپیرنٹو" داخل کرنے جیسی بات ہے۔ اِس لیے انگریزی راشٹر بھاشا ہو سکتی"۔ یہ کلپنا اسی پرکار ہماری کمزوری کی سوچک ہے جس پرکار اِسپیرنٹو کو وِشو بھاشا بنانے کا پریاس نرے اگیان کا سوچک ہے تین، یہ پانچوں لکشن ہندی میں ملتے ہیں۔ اس طرح ہندی راشٹر بھاشا بن چکی ہے۔ ہم نے ورشوں پہلے اس کا راشٹر بھاشا کے روپ میں اُپیوگ کیا ہے۔ اردو بھی ہندی کی اِس شکتی سے ہی پیدا ہوئی۔

(گاندھی ہندی درشن، ص ۴۵-۴۷)

مزے کی بات تو یہ ہے کہ گاندھی جی نے راشٹر بھاشا کے سوال پر اس طرح کی دو ٹوک باتیں اُس سَمے کہی تھیں جب وائسرائے نے اپنی یہ

آشا ظاہر کر دی تھی کہ انگریزی کسی سمے بھارت کی راشٹر بھاشا بن سکتی ہے اور دیش کے انگریزی داں وِدوانوں کو لگنے لگا تھا کہ وہ دن دور نہیں جب انگریزی راشٹر بھاشا کے پد پر پرتشٹھت ہو جائے گی۔

یہاں یہ دھیان دینے کی بات ہے کہ بھاشا کے روپ میں انگریزی کے پرتی گاندھی جی کے بھیتر کوئی وِرودھ بھاؤ نہیں تھا۔ انتر راشٹریہ ویاپار کی بھاشا اور کوٹ نیتی کی بھاشا کے روپ میں وہ اس کی اُپیوگیتا کا مان کرتے تھے۔ انگریزی سے اُن کی مخالفت اصل میں اِس بات کو لے کر تھی کہ وہ اِس دیش میں جس پَد کے یوگیہ نہیں، اُس کو ہڑپنے کی کوشش کر رہی تھی۔ "ینگ انڈیا" کے ۲ر فروری ۱۹۲۱ء کے انک میں انھوں نے لکھا تھا:

"انگریزی انتر راشٹریہ ویاپار کی بھاشا ہے وہ کوٹ نیتی کی بھاشا، اس کا ساہتیک بھنڈار بہت سمردھ ہے اور وہ پشچمی وچاروں اور سنسکرتی سے ہمارا پریچے کراتی ہے۔ اس لیے ہم میں سے کچھ لوگوں کے لیے انگریزی بھاشا کا گیان آوشیک ہے۔ وہ لوگ راشٹریہ ویاپار اور انتر راشٹریہ کوٹ نیتی کے وبھاگ تتھا ہمارے راشٹر کو پشچمی ساہتیہ، وِچار اور وِگیان کی اُتّم وستوئیں دینے والے وِبھاگ چلا سکتے ہیں۔ وہ انگریزی کا اُچت اُپیوگ ہوگا جب کہ آج انگریزی کے ہمارے ہردیوں میں جس استھان کو ہڑپ لیا ہے اور ہماری ماتر بھاشا کو اپنے

ادھیکار کے استھان پر سے ہٹا دیا ہے۔"

۶ فروری ۱۹۱۶ء کو بنارس ہندو وِشو وِدیالیہ میں بولتے ہوئے انھوں نے انگریزی کے کارن ہونے والی ہانی کی طرف دھیان آکرشک کرتے ہوئے کہا تھا:

